Email- info@awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت   ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم
جلد 17 بدھ، 8 جولائی 2026ء، 22 محرم الحرام 1448ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 83

مریم نواز نے پروپیگنڈے کا جواب عملی کارکردگی سے دیا، عظمیٰ بخاری

"اپنی چھت اپنا گھر"، "اپنی زمین اپنا گھر" کے بعد "اپنا کھیت اپنا روزگار"، مریم نواز نے بے زمین خاندانوں کو بااختیار بنانے کا ایک اور تاریخی منصوبہ شروع کر دیا

"اپنا کھیت اپنا روزگار" سکیم کے تحت 30 ہزار خاندانوں کو زمین کی ملکیت فراہم کی جا رہی ہے، 9 لاکھ کسان کارڈز، 30 ہزار گرین ٹریکٹرز، 5 ہزار سپر سیڈرز اور 8 ہزار ٹیوب ویلز کی سولرائزیشن

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں زرعی شعبے میں تاریخی انقلاب برپا کر دیا، پنجاب ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے، صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت کا بیان

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف ایس ایم ای (SME) سیکٹر سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف عوامی خدمت، سماجی فلاح اور معاشی خودمختاری کے وژن پر تیزی سے عمل پیرا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ "اپنی چھت اپنا گھر" اور "اپنی زمین اپنا گھر" جیسے انقلابی منصوبوں کے بعد اب "اپنا کھیت اپنا روزگار" سکیم کا آغاز کر کے حکومت پنجاب نے بے زمین اور مستحق خاندانوں کو بااختیار (بقیہ نمبر 7)

پنجاب حکومت کا محکمہ سکولز ایجوکیشن میں رائٹ سائزنگ کا بڑا فیصلہ

صوبہ بھر میں مجموعی طور پر 30 ہزار 391 خالی پوسٹیں ختم کرنے کا عمل جاری

خالی آسامیوں کے خاتمے سے سرکاری اخراجات اور مالی بوجھ میں کمی آئے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے محکمہ سکولز ایجوکیشن میں رائٹ سائزنگ کے تحت بڑے پیمانے پر خالی نان ٹیچنگ آسامیوں کے خاتمے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اس سلسلے میں لاہور کے سرکاری سکولوں کی 1,207 خالی آسامیاں ختم کر دی گئی ہیں جبکہ (بقیہ نمبر 8)

11 جولائی کو امریکہ ایران مذاکرات پاکستان میں ہونگے

11 جولائی کو تو نہیں لیکن آنے والے دنوں میں ممکنہ طور پر جے ڈی وینس کے پاکستان جانے کا مضبوط امکان موجود ہے

اسلام آباد (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے سابق مشیر ساجد تارڑ نے کہا ہے کہ 11 جولائی کو ایران امریکہ مذاکرات اسلام آباد میں ہونے کے حوالے سے خبر تصدیق شدہ ہے، میں اس ویک اینڈ پر ریپبلکن (بقیہ نمبر 11)

صوبہ بھر میں لین لائن سسٹم پر سختی کا فیصلہ

غلط لین کے استعمال، بار بار لین تبدیل کرنے، بغیر انڈیکیٹر اوورٹیکنگ پر بلاامتیاز کارروائی کی جائے، ڈی آئی جی

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر نے صوبہ بھر میں لین لائن سسٹم پر سختی سے عملدرآمد کرانے کا فیصلہ کرتے ہوئے تمام چیف ٹریفک افسران اور ڈسٹرکٹ ٹریفک افسران کو انفورسمنٹ مزید موثر (بقیہ نمبر 10)

سرکاری کالجز میں عارضی اساتذہ کی تعداد بڑھانے کا فیصلہ

رواں سال مزید ایک ہزار کے قریب کالج ٹیچر انٹرنز بھرتی کرنے کی تجویز سامنے آ گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب کے سرکاری کالجز میں تدریسی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے عارضی اساتذہ کی تعداد میں اضافے کا فیصلہ کیا گیا ہے، رواں سال مزید ایک ہزار کے قریب کالج ٹیچر انٹرنز بھرتی کرنے کی تجویز (بقیہ نمبر 9)

ایف ایف سی اور یارا کے دوران اسٹریٹجک شراکت داری کے اعلان کے موقع پر سینئر مینجمنٹ کا گروپ فوٹو

ایف ایف سی اور یارا کا اسٹریٹجک شراکت داری کا اعلان

سونا اور یارا برانڈز پاکستان میں جدید کراپ نیوٹریشن سلوشنز فراہم کرنے کیلئے یکجا، زرعی ترقی کیلئے بائیولوجیکل فولیئر کھادوں پر مشتمل جدید پورٹ فولیو

پاکستانی کسانوں کو عالمی معیار کی بائیولوجیکل اور اسپیشلٹی پلانٹ نیوٹریشن سلوشنز فراہم کیے جا سکیں گے، محمد علی جنجوعہ، چیف کمرشل آفیسر

اسلام آباد (این ای این) فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ (FFC)، جو معیاری کھادوں کی تیاری، ترسیل اور جدید زرعی رہنمائی کی بدولت پاکستان کی صفِ اول کی فرٹیلائزر کمپنی ہے، نے عالمی شہرت یافتہ ادارے یارا انٹرنیشنل اے ایس اے کے ساتھ اشتراک کے ذریعے زرعی جدت کے سفر میں ایک اور اہم سنگِ میل عبور کیا ہے۔ 1905 میں ناروے میں قائم ہونے والی کمپنی یارا انٹرنیشنل دنیا (بقیہ نمبر 4)

5 اہلکاروں کو حملہ آور اپنے ساتھ لے گئے، شہداء کی میتیں ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل

پولیس چوکی پر مسلح افراد کا حملہ، 15 دہشتگرد ہلاک، 9 اہلکار شہید

ڈی ایس پی غلام سرور سمیت 8 پولیس اہلکار دشوار گزار پہاڑی راستوں سے بحفاظت تھانہ کاچ پہنچ گئے، کانسٹیبل رضوان کو بحفاظت بازیاب کر لیا گیا

کوئٹہ، اسلام آباد (اے ایف پی) بلوچستان کے ضلع زیارت کے علاقے کچھ مانگی فیز تھری میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے پولیس چوکی پر حملے میں 2 ایس ایچ اوز سمیت 9 اہلکار شہید ہو گئے۔ ایس پی زیارت قدوس دھوار کے مطابق حملہ پولیس اہلکاروں پر کیا گیا ہے، گزشتہ رات سے دہشت گردوں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کا سلسلہ جاری تھا۔ شہدا کو ڈی ایچ کیو اسپتال زیارت منتقل کر دیا گیا ہے۔ شہید ہونے والوں میں ایس ایچ او مانگی محمد حسین اور ایس ایچ او کواس صحبت خان شامل ہیں۔ ایس پی زیارت نے بتایا کہ شہید اہلکاروں کی لاشیں ڈی ایچ کیو ہسپتال زیارت منتقل کر دی گئیں، واقعہ کے بعد علاقے میں سکیورٹی فورسز اور پولیس کی نفری بڑھا دی گئی (بقیہ نمبر 19)

چولپون-آتا: صدر آصف علی زرداری کا کرغزستان کے دورے کے دوران رُخ اور دو (Rukh Ordo) ثقافتی کمپلیکس میں منعقدہ ایک باضابطہ تقریب میں صدر سادیر جاپاروف نے استقبال کیا

پنجاب حکومت کا 300 ارب کا فنانسنگ پروگرام لانے کا فیصلہ

حکومت 193 ارب فراہم کریگی، 107 ارب کی فنانسنگ نجی مالیاتی اداروں کے ذریعے حاصل کی جائیگی

منصوبے کی منظوری کے بعد برآمدی شعبے اور صنعتی اداروں کو آسان شرائط پر فنانسنگ فراہم کی جائے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صنعتی ترقی، برآمدات میں اضافے اور نئی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے 300 ارب روپے کے فنانسنگ پروگرام متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے، اس مقصد کے لیے محکمہ صنعت و تجارت نے منصوبے کا فریم ورک اور پی سی ون تیار کر لیا ہے۔ مجوزہ منصوبے کے تحت پنجاب حکومت 193 ارب روپے فراہم کرے گی جبکہ 107 ارب روپے کی (بقیہ نمبر 26)

ترکیہ میں نمایاں کاروباری گروپوں سے ملاقاتیں کیں، وزیراعظم

خوارج کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ دورہ ترکیہ میں نمایاں کاروباری گروپوں سے ملاقاتیں کی ہیں۔ اسلام آباد میں وزیراعظم شہباز شریف کی زیرِ صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا، انہوں نے کیپٹن عاصم طارق کی شہادت کو (بقیہ نمبر 12)

گلگت بلتستان کے نومنتخب وزیراعلیٰ کا پہلا بڑا فیصلہ، 89 ڈاکٹرز ریگولر

گلگت بلتستان (سی ایم لنکس) نومنتخب وزیراعلیٰ امجد حسین ایڈووکیٹ نے عہدہ سنبھالنے کے بعد اپنا پہلا اہم انتظامی فیصلہ کرتے ہوئے 89 ڈاکٹرز کو ریگولرائز کرنے (بقیہ نمبر 13)

قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سے سابق ایم پی اے جہانگیر پیرزادہ ملاقات کر رہے ہیں

قائم مقام چیئرمین سینیٹ کی آغا خان یونیورسٹی ہسپتال آمد

اسلام آباد/کراچی (سی ایم لنکس) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کراچی میں آغا خان یونیورسٹی ہسپتال کا دورہ کیا اور تیزاب گردی کے افسوسناک واقعے میں زخمی ہونے والی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ منگل کو سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق سیدال خان نے ڈاکٹر (بقیہ نمبر 14)

برطانوی ہائی کمیشن کے اعلیٰ سطحی وفد کا محکمہ داخلہ پنجاب کا دورہ

پنجاب کی سکیورٹی، جدید اصلاحات، انسانی اسمگلنگ کی روک تھام سے متعلق اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

سول ڈیفنس ریزیلینس کور کو جدید خطوط پر استوار کیا گیا ہے اور اب تک ساڑھے تین لاکھ رضا کار رجسٹرڈ کیے جا چکے ہیں

لاہور (این این آئی) برطانوی ہائی کمیشن کے اعلیٰ سطحی وفد نے محکمہ داخلہ پنجاب کا دورہ کیا اور سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی سے ملاقات کر کے پنجاب کی سکیورٹی، جدید اصلاحات اور انسانی اسمگلنگ کی روک تھام سے متعلق اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں فرسٹ سیکرٹری جسٹس اینڈ ہوم افیئرز جیما ولسن اور برٹش ہائی کمیشن لاہور کے سربراہ بین وارنگٹن شامل تھے۔ اجلاس میں پنجاب کے سکیورٹی اداروں کی پیشہ ورانہ استعداد، بارڈر سکیورٹی اور داخلی سلامتی کے مختلف امور پر بھی گفتگو ہوئی۔ سیکرٹری (بقیہ نمبر 20)

وزیراعظم کا حوالدار لالک جان کے یوم شہادت پر انہیں خراج عقیدت

قوم شہدا کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی، محمد شہباز شریف

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے حوالدار لالک جان شہید نشانِ حیدر کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم شہدائے پاکستان کی (بقیہ نمبر 27)

شکاگو: وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال یونیورسٹی آف الینوائے شکاگو میں جدید ترین تحقیقی لیبارٹری کا دورہ کر رہے ہیں

ٹیکس دہندگان پر کوئی اضافی بوجھ ڈالے بغیر ریونیو اہداف حاصل کرینگے

ٹیکس نظام کی مکمل ڈیجیٹلائزیشن، شفافیت اور ٹیکس چوری کے خلاف سخت اقدامات جاری رہیں گے، وزیر خزانہ پنجاب

مجتبیٰ شجاع الرحمٰن کا پی آر اے کے زیراہتمام سالانہ اسٹریٹجک کانفرنس سے خطاب، 368 ارب روپے وصولیوں پر شاباش

لاہور (این این آئی) وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت نئے مالی سال میں ٹیکس دہندگان پر کوئی اضافی بوجھ ڈالے بغیر ریونیو اہداف حاصل کرے گی، نئے سال میں ٹیکس سسٹم کی مکمل ڈیجیٹلائزیشن کو یقینی بنایا جائے گا، شفافیت، موثر انفورسمنٹ اور پہلے سے نافذ ٹیکسوں کی وصولیوں میں بہتری حکومت کی بنیادی ترجیحات ہوں گی، جعلی انوائسنگ اور ٹیکس چوری کے خلاف (بقیہ نمبر 15)

ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا، انجمن تاجران راولپنڈی کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

بھینس پر بیٹھ کر نالہ بستر عبور کرتے ہوئے نوجوان ڈوب گیا

نارووال (این این آئی) بھینس پر بیٹھ کر نالہ بستر عبور کرتے ہوئے نوجوان ڈوب گیا، ریسکیو نے تلاش کے لیے آپریشن شروع کر دیا۔ بتایا گیا ہے کہ اولکھ گاؤں کے قریب ایک افسوسناک واقعہ اس وقت پیش آیا جب اسی گاؤں کا رہائشی سولہ سالہ علی حسن بھینس پر بیٹھ کر نالہ بستر عبور کرتے ہوئے پانی میں بہہ کر ڈوب گیا۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیمیں (بقیہ نمبر 21)

رجسٹرڈ عازمین کی تعداد ڈھائی لاکھ سے تجاوز کر گئی

گزشتہ روز 12 ہزار 880 عازمین نے گھر بیٹھے حج رجسٹریشن مکمل کی، ترجمان

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ پندرہ دنوں میں رجسٹرڈ عازمین کی تعداد ڈھائی لاکھ سے تجاوز کر گئی ہے، گزشتہ روز 12 ہزار 880 عازمین نے گھر بیٹھے حج رجسٹریشن مکمل کی۔ منگل کو وزارت مذہبی امور کے ترجمان عمر بٹ (بقیہ نمبر 28)

لاہور: صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن پنجاب ریونیو اتھارٹی کی سالانہ سٹریٹجک کانفرنس میں افسران کی بہترین کارکردگی پر سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں

دکی: موٹر سائیکل پر دھماکا، ایک شخص جاں بحق

دکی (سی ایم لنکس) بلوچستان کے ضلع دکی کی تحصیل لونی کے علاقے کلی ڈیمہ میں موٹر سائیکل پر دھماکے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق دھماکے کی زد میں آنے والا موٹر سائیکل سوار موقع پر ہی جان کی بازی ہار گیا۔ جاں بحق ہونے (بقیہ نمبر 16)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی زیرِ صدارت اجلاس

کثیر الجہتی اقدامات میں پاکستان کی جاری شمولیت کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے مختلف کثیر الجہتی اقدامات میں پاکستان کی جاری شمولیت کا جائزہ لینے کے لیے ایک اجلاس کی صدارت کی۔ منگل کو دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں (بقیہ نمبر 22)

پاکستان نے عالمی ڈاک ٹکٹوں کی نئی تاریخ رقم کر دی

عارف بالاگام "مکاؤ 2026 ورلڈ اسٹامپ نمائش" میں گولڈ میڈل جیت کر دنیا کے پہلے فلاٹلسٹ بن گئے

79 برس میں پہلی بار کسی پاکستانی نے عالمی فائیو فریم کیٹیگری میں گولڈ میڈل اپنے نام کیا

لاہور (این این آئی) پاکستان نے عالمی ڈاک ٹکٹوں کی دنیا میں ایک تاریخی سنگ میل عبور کیا ہے۔ ممتاز تاجر اور عالمی شہرت یافتہ فلاٹلسٹ محمد عارف بالاگام والا (تمغہ امتیاز) نے "مکاؤ 2026 اسپیشلائزڈ ورلڈ اسٹامپ نمائش" میں پانچ فریم کیٹیگری میں گولڈ میڈل جیت کر نہ صرف پاکستان کی 79 سالہ تاریخ میں پہلے بلکہ دنیا کی تاریخ میں پہلی بار یہ اعزاز حاصل کرنے والے فلاٹلسٹ بن (بقیہ نمبر 29)

دفتری امور میں تاخیری حربے برداشت نہیں کیے جائیں گے

ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے

جہلم (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن نے اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر "اوپن ڈور پالیسی" کے تحت عوامی کچہری کا انعقاد کیا جس میں شہریوں کی شکایات کا براہِ راست ازالہ کر کے انصاف ان کی دہلیز پر فراہم کیا گیا۔ کچہری میں (بقیہ نمبر 18)

خیبر پختونخوا اسمبلی ارکان کو بلیو پاسپورٹ سمیت متعدد نئی مراعات مل گئیں

پشاور (سی ایم لنکس) خیبر پختونخوا اسمبلی کے ارکان کے اختیارات، استحقاق اور مراعات سے متعلق نئے قانون کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، جس کے تحت ارکان اسمبلی کو متعدد نئی مراعات اور اختیارات حاصل ہو گئے ہیں۔ نئے قانون کے مطابق (بقیہ نمبر 17)

کیپٹن عاصم طارق شہید کے مجرمان کو جلد کیفر کردار تک پہنچایا جائے

شہید کیپٹن عاصم طارق کو بہادری پر تمغہ بسالت سے نوازا جائے، چودھری پرویز الٰہی

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر و سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے پاک فضائیہ کے گروپ کیپٹن عاصم طارق شہید کے اہل خانہ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا۔ چودھری پرویز الٰہی نے کیپٹن عاصم طارق کی شہادت پر ان کے (بقیہ نمبر 23)

میاں محمود الرشید نے ٹرائل کورٹ کا فیصلہ چیلنج کر دیا

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما میاں محمود الرشید نے 9 مئی کے مقدمے میں ٹرائل کورٹ کی جانب سے سنائی گئی 10 سال قید کی سزا کے خلاف لاہور ہائی کورٹ سے رجوع کر (بقیہ نمبر 30)

پیپلز پارٹی مینار پاکستان پر سیاسی قوت کا مظاہرہ کریگی

پارٹی کی جانب سے مینار پاکستان کنونشن کیلئے آفیشل ترانہ جاری کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی چار دہائیوں بعد مینار پاکستان پر کنونشن کا انعقاد کرے گی۔ 25 جولائی کو مینار پاکستان پر منعقد ہونے والے کنونشن کے لئے آفیشل ترانہ جاری کر دیا، ترانے کے بول "چلو چلو مینار پاکستان چلو، بلاول کو وزیراعظم بنانے چلو" ہیں۔ ترجمان کے مطابق پیپلز پارٹی چالیس سال بعد مینار پاکستان پر جلسہ کرنے جا رہی (بقیہ نمبر 31)

چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی، سپریم کورٹ آف پاکستان میں الوداعی ملاقات کے دوران پاکستان میں اقوام متحدہ کے ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ کو یادگاری تحفہ پیش کر رہے ہیں

سندھ طاس معاہدے کے مستقبل پر آن لائن مباحثے کا انعقاد

سندھ طاس معاہدے سے متعلق قانونی، تاریخی اور تزویراتی چیلنجز اور ان کے علاقائی استحکام اور آبی سلامتی پر اثرات کا جائزہ لیا گیا

مرزا آصف بیگ نے معاہدے، اس کے تاریخی ارتقا اور اس پر عملدرآمد سے متعلق چیلنجز کا جامع جائزہ پیش کیا

اسلام آباد (این ای این) سنٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (CASS) نے 2 جولائی 2026 کو "سندھ طاس معاہدے کا مستقبل" کے عنوان سے ایک آن لائن Catalyst Conversation کا انعقاد کیا۔ اس نشست میں سندھ طاس معاہدے (IWT) سے متعلق قانونی، تاریخی اور تزویراتی چیلنجز اور ان کے علاقائی استحکام اور آبی سلامتی پر اثرات کا جائزہ لیا گیا۔ ایک آزاد تھنک ٹینک کی حیثیت سے CASS قومی اور بین الاقوامی اہمیت کے حامل موضوعات پر بامعنی مکالمے کے فروغ کے لیے باقاعدگی سے ایسے (بقیہ نمبر 5)

سنٹر فار ایرو سپیس اینڈ سکیورٹی (کیس) کے زیراہتمام منعقدہ آن لائن نشست سے مقررین اظہار خیال کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ کے جدید اور خوبصورت لاہور کے وژن پر عملدرآمد جاری

سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل کا ریلوے اسٹیشن اربن ریجنریشن منصوبے کا دورہ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے جدید، خوبصورت اور عالمی معیار کے لاہور کے وژن کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کے لیے سیکرٹری ہاؤسنگ پنجاب نورالامین مینگل نے لاہور ریلوے اسٹیشن اور اس سے ملحقہ علاقوں کا (بقیہ نمبر 24)

لاہور میں 213 غیر رجسٹرڈ نجی سکولوں کو سیل کرنے کی سفارش

744 نجی سکولوں کو رجسٹریشن کرانے کیلئے پہلے ہی حتمی وارننگ جاری کی جا چکی ہے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں 213 غیر رجسٹرڈ نجی سکولوں کو سیل کرنے کی سفارش کر دی گئی۔ لاہور میں غیر رجسٹرڈ نجی سکولوں کے خلاف کارروائی مزید تیز کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی نے 213 نجی سکولوں کو سیل کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کو سمری ارسال کر دی۔ حکام کے مطابق رجسٹریشن نہ کروانے (بقیہ نمبر 25)

عطاء الرحمٰن عباسی کے والد کی وفات پر دلی تعزیت کا اظہار

پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سیکرٹری جنرل ملک اعجاز حسین نے عطاء الرحمٰن عباسی کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کی

پاکستان عوامی قوت پارٹی دکھ اور غم کی ہر گھڑی میں اپنے دوستوں اور عوام کے ساتھ کھڑی ہے، چیئرمین خاقان وحید خواجہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ کی خصوصی ہدایت پر پارٹی کے سیکرٹری جنرل ملک اعجاز حسین نے چیئرمین کے دیرینہ دوست، معروف سیاسی و سماجی شخصیت عطاء الرحمٰن عباسی کے آبائی گاؤں بیروٹ، ایبٹ آباد جا کر ان کے والدِ مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کے درجاتِ بلندی، مغفرت اور اہلِ خانہ کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی۔ اس موقع پر وفد نے عطاء الرحمٰن عباسی اور ان کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 6)

بیروٹ ایبٹ آباد میں پاکستان عوامی قوت پارٹی کا وفد سیکرٹری جنرل ملک اعجاز حسین کی قیادت میں معروف سیاسی و سماجی رہنما عطاء الرحمٰن عباسی کے والد کی وفات پر تعزیت کر رہا ہے

عوام کی بے ساختہ للکار
MEMBER WUOJ
ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اشاعت خاص

تحریر: محمد فیصل ندیم

اپنا کھیت، اپنا روزگار

بے زمین کسانوں کیلئے خود مختاری کی جانب ایک تاریخی قدم

کسی بھی زرعی ملک کی اصل طاقت اس کی زرخیز زمین، محنتی کسان اور مؤثر زرعی پالیسی ہوتی ہے۔ پاکستان کی معیشت کا بڑا انحصار آج بھی زراعت پر ہے، مگر افسوس کہ برسوں سے لاکھوں ایسے خاندان موجود ہیں جو زراعت سے وابستہ ہونے کے باوجود اپنی زمین سے محروم رہے۔ یہی وجہ ہے کہ بے زمین کسان ہمیشہ دوسروں کی زمین پر محنت کرتے رہے جبکہ محنت کا بڑا حصہ جاگیرداروں یا مالکان کے حصے میں جاتا رہا۔ ایسے حالات میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی "اپنا کھیت، اپنا روزگار" سکیم ایک ایسی پیش رفت ہے جو نہ صرف زرعی شعبے بلکہ دیہی معیشت میں بھی مثبت تبدیلی کا آغاز ثابت ہوسکتی ہے۔ اس سکیم کے تحت پنجاب کے تیس ہزار بے زمین خاندانوں کو ایک لاکھ اکیس ہزار ایکڑ قابلِ کاشت سرکاری اراضی بیس سال کے لیے صرف سو روپے سالانہ فی ایکڑ کی علامتی لیز پر فراہم کی جارہی ہے۔ اس کے ساتھ حکومت کی جانب سے فی ایکڑ پچاس ہزار روپے مالی امداد اور زرعی ماہرین کی تکنیکی معاونت بھی دی جارہی ہے تاکہ مستحق خاندان صرف زمین کے مالک ہی نہ بنیں بلکہ جدید طریقوں سے کامیاب کاشتکاری بھی کرسکیں۔ اس منصوبے کی سب سے نمایاں خصوصیت اس کی شفافیت ہے۔ تمام الاٹمنٹ کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی کے ذریعے کی گئی، درخواست گزاروں کو ذاتی شنوائی اور اپیل کا حق دیا گیا، جبکہ حکومت نے واضح کیا کہ سفارش یا سیاسی اثرورسوخ کی کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی۔ یہی وہ طرزِ حکمرانی ہے جس سے عوام کا اعتماد بحال ہوتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی جانب سے قرعہ اندازی کے فوراً بعد کامیاب درخواست گزاروں کو خود فون کر کے مبارکباد دینا بھی ایک مثبت اور عوامی اندازِ حکمرانی کی مثال ہے۔ فیصل آباد کے عبدالستار سے ان کی گفتگو صرف ایک رسمی کارروائی نہیں بلکہ اس پیغام کی عکاس تھی کہ حکومت مستحق افراد کو اپنے پاؤں پر کھڑا دیکھنا چاہتی ہے، نہ کہ انہیں مستقل امداد کا محتاج بنانا۔ یہ سکیم صرف زمین کی تقسیم تک محدود نہیں بلکہ ایک مکمل زرعی بحالی پروگرام ہے۔ حکومت مالی معاونت، تکنیکی رہنمائی، زرعی ایکسٹینشن سروسز اور جدید کاشتکاری کے طریقے بھی فراہم کر رہی ہے۔ اس سے کسانوں کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوگا، دیہی علاقوں میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور زرعی پیداوار میں خاطر خواہ بہتری آئے گی۔ پنجاب حکومت کا یہ اقدام اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ اس نے ریاستی وسائل کو براہِ راست مستحق شہریوں تک پہنچانے کی y کوشش کی ہے۔ اگر یہ منصوبہ کامیابی سے آگے بڑھتا ہے تو نہ صرف ہزاروں خاندان غربت سے نکل سکیں گے بلکہ زرعی شعبہ بھی مضبوط ہوگا، جس کا فائدہ مجموعی قومی معیشت کو پہنچے گا۔ خواتین کی نمایاں شرکت بھی اس سکیم کا ایک اہم پہلو ہے۔ حکومت کے مطابق ہزاروں خواتین نے درخواستیں دیں اور میرٹ کی بنیاد پر انہیں بھی شامل کیا گیا۔ دیہی خواتین کو زرعی سرگرمیوں میں فعال کردار دینا معاشی خودمختاری اور سماجی ترقی کی جانب ایک مثبت قدم ہے۔ یقیناً کسی بھی بڑے منصوبے کی اصل کامیابی اس کے مؤثر نفاذ میں ہوتی ہے۔ حکومت کے لیے ضروری ہوگا کہ الاٹ ہونے والی زمین واقعی قابلِ کاشت رہے، مالی امداد بروقت مستحق افراد تک پہنچے، تکنیکی معاونت مسلسل فراہم کی جائے اور نگرانی کا ایسا نظام قائم کیا جائے جس سے کسی بھی قسم کی بدعنوانی یا بے ضابطگی کی گنجائش نہ رہے۔ آج پاکستان کو زرعی خودکفالت، دیہی خوشحالی اور خوراک کے تحفظ جیسے بڑے چیلنجز کا سامنا ہے۔ ایسے میں "اپنا کھیت، اپنا روزگار" جیسے منصوبے امید کی ایک نئی کرن بن سکتے ہیں۔ اگر یہی ماڈل شفافیت، میرٹ اور مستقل مزاجی کے ساتھ جاری رہا تو آنے والے برسوں میں پنجاب کے ہزاروں خاندان معاشی طور پر خودمختار ہو سکتے ہیں اور زراعت ملکی ترقی کا مزید مضبوط ستون بن سکتی ہے۔ بلاشبہ حکومت پنجاب نے اس منصوبے کے ذریعے یہ پیغام دیا ہے کہ فلاحی ریاست کا تصور صرف امداد کی تقسیم تک محدود نہیں بلکہ عوام کو وسائل، مواقع اور باعزت روزگار فراہم کرنا ہی حقیقی خدمت ہے۔ یہی سوچ ایک مضبوط، خودکفیل اور خوشحال پنجاب کی بنیاد بن سکتی ہے۔



بقیہ 1

دھرنا دے کر شدید نعرے بازی کی۔ مظاہرین نے سی سیکشن تھانے کے ایس ایچ او کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ دیسی رجب علی لاشاری کو غیر قانونی طور پر ان کے گھر سے حراست میں لیا گیا، جس کے بعد سے ان کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں دی جا رہی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ضلعی صدر ولی دیدہ سندھی نے کہا کہ اگر دیسی رجب علی لاشاری نے کوئی جرم کیا ہے تو انہیں قانون کے مطابق عدالت میں پیش کیا جائے، تاہم کسی شہری کو مبینہ طور پر لاپتا کرنا یا غیر قانونی حراست میں رکھنا آئین اور قانون کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ دیسی رجب علی لاشاری کو فوری طور پر بازیاب کر کے اہل خانہ کے سامنے پیش کیا جائے، بصورت دیگر احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر عائد ہوگی۔ احتجاج کے دوران پولیس کی نفری ایس ایس پی آفس کے اطراف تعینات رہی، جبکہ بعدازاں مظاہرین پرامن طور پر منتشر ہو گئے

بقیہ 2

میں کئی گھنٹے دفتر کے باہر انتظار کرنے پر مجبور رہے۔ انہوں نے کہا کہ بزرگ شہریوں کو بروقت پنشن کی ادائیگی کے بجائے غیر ضروری اذیت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے انہوں نے مزید الزام لگایا کہ ٹریژری آفس کے ایک ملازم شمیم مہر کا عوام کے ساتھ رویہ نامناسب ہے ان کے مطابق جب متاثرہ افراد نے دفتر دیر سے کھلنے کی وجہ دریافت کی تو مذکورہ ملازم نے مبینہ طور پر مشتعل ہو کر لوگوں کو کرسی مارنے کی دھمکیاں دیں، جو نہ صرف غیر ذمہ دارانہ بلکہ قابل مذمت رویہ ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اس دوران بزرگ شہریوں کے احترام کا بھی خیال نہیں رکھا گیا ایس یو پی رہنما کے مطابق جب پارٹی کے کارکن ٹریژری آفس پہنچے تو وہاں موجود پنشنرز اور دیگر شہریوں نے اپنی مشکلات بیان کرتے ہوئے کہا کہ ان کی دادرسی کرنے والا کوئی نہیں۔ عبدالرزاق اوگاہی نے کہا کہ سندھ یونائیٹڈ پارٹی ہمیشہ مظلوم عوام کے ساتھ کھڑی رہی ہے اور کسی بھی سرکاری ادارے میں شہریوں کے ساتھ ناروا سلوک برداشت نہیں کیا جائے گا انہوں نے ضلعی انتظامیہ، متعلقہ حکام اور اعلیٰ سرکاری افسران سے مطالبہ کیا کہ ٹریژری آفس میں پیش آنے والے واقعے کا فوری نوٹس لیا جائے، الزامات کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں، ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور پنشنرز کو عزت و احترام کے ساتھ بروقت ادائیگی اور تمام ضروری سہولیات فراہم کی جائیں۔ عبدالرزاق اوگاہی نے خبردار کیا کہ اگر عوامی شکایات کا فوری ازالہ نہ کیا گیا تو سندھ یونائیٹڈ پارٹی متاثرہ شہریوں کے ساتھ مل کر جمہوری اور قانونی طریقے سے احتجاج کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے نوٹ: مذکورہ الزامات سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے رہنما عبدالرزاق اوگاہی کے بیان پر مبنی ہیں، جن پر متعلقہ حکام یا ٹریژری آفس کا مؤقف تاحال سامنے نہیں آیا۔

بقیہ 3

صوبائی محتسب سندھ جسٹس (ر) شاہنواز طارق کی ہدایت پر کنسلٹنٹ حیدر علی ابڑو، ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، کی زیرِ صدارت خواتین کو دورانِ ملازمت ہراساں کیے جانے سے متعلق آگاہی سیمینار ایس ایس پی آفس کندھ کوٹ میں ایس ایس پی محمد مراد گھانگھرو، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر شبیر احمد اور ڈی ایس پی کمپلین سیل سید اصغر علی شاہ کے تعاون سے منعقد کیا گیا۔ سیمینار میں پولیس محکمہ میں خدمات انجام دینے والی خواتین پولیس کانسٹیبلز کی بڑی تعداد نے شرکت کی اجلاس کے دوران معزز مہمانوں نے خواتین کو ملازمت کی جگہ پر ہراسانی سے تحفظ اور اس حوالے سے قانونی و عملی اقدامات کے بارے میں آگاہی فراہم کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کنسلٹنٹ صوبائی محتسب سندھ مسٹر حیدر علی ابڑو، ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کشمور نے کہا کہ خواتین کے تحفظ سے متعلق عوام میں شعور بیدار کرنے کے لیے یہ سیمینار منعقد کیا گیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں تک خواتین کے حقوق اور تحفظ کے بارے میں آگاہی پہنچائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے تحفظ کے حوالے سے حکومت کی جانب سے سخت قوانین موجود ہیں جن کی بدولت خواتین بلاخوف و خطر معاشرے میں اپنی زندگی گزار سکتی ہیں۔ صوبائی محتسب کی ہدایات پر سندھ بھر کی طرح ضلع کشمور میں بھی پروٹیکشن آفس قائم کیا گیا ہے جہاں خواتین دورانِ ملازمت ہراسانی سے متعلق اپنی شکایات جمع کرا سکتی ہیں۔ ان شکایات کا ایک ماہ کے اندر فیصلہ کیا جاتا ہے اور متاثرہ خواتین کو انصاف فراہم کیا جاتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع کشمور میں خواتین کے حقوق اور تحفظ سے متعلق آگاہی کے لیے جلد مزید سیمینارز کا انعقاد کیا جائے گا۔

بقیہ 4

کے 140 سے زائد ممالک میں فصلوں کے لئے غذائیت اور پودوں کی نشوونما کے لئے مؤثر حل فراہم کر رہی ہے۔ یہ اشتراک ایف ایف سی کے 48 سالہ اعتماد، وسیع ملک گیر مارکیٹنگ نیٹ ورک اور پاکستانی زراعت کی گہری سمجھ بوجھ کو یارا کی 120 سے زائد سالہ عالمی تحقیق، کراپ نیوٹریشن میں مہارت، زرعی تکنیکی تجربے اور جدید ٹیکنالوجیز کے ساتھ یکجا کرتا ہے، تاکہ پاکستانی کسانوں کو عالمی معیار کی بائیولوجیکل اور اسپیشلٹی پلانٹ نیوٹریشن سلوشنز فراہم کیے جا سکیں۔ ایف ایف سی اور یارا انٹرنیشنل کے درمیان اسٹریٹجک اشتراک کے تحت، سونا اور یارا برانڈز نے پاکستان میں جدید بائیولوجیکل اور اسپیشلٹی پلانٹ نیوٹریشن مصنوعات کا ایک پریمیئم پورٹ فولیو متعارف کرانے کے لیے مشترکہ برانڈ شراکت داری قائم کی ہے۔ اس پورٹ فولیو میں پانچ فولیئر بائیولوجیکل فولیئر مصنوعات یارا ایمپلکس اوپٹی ٹریک، یاراویٹا کراپ بوسٹ، یاراویٹا بور ٹریک، یاراویٹا فروٹرل اور یاراویٹا سولیٹرل کے ساتھ انتہائی حل پذیر کیلشیم کھاد یارا لیوا ٹراپی کوٹ بھی شامل ہے۔ ان مصنوعات کے پورٹ فولیو کی باضابطہ تقریب رونمائی سونا ٹاور، ایف ایف سی ہیڈ آفس، راولپنڈی میں ایف ایف سی اور یارا انٹرنیشنل کی اعلیٰ قیادت کی موجودگی میں منعقد ہوئی۔

تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی، موسمیاتی تبدیلیوں اور ماحولیاتی دباؤ نے پاکستان کی زرعی پیداوار اور قومی غذائی تحفظ کو نئے چیلنجز سے دوچار کر دیا ہے۔ انہی ضروریات کو مدِنظر رکھتے ہوئے ایف ایف سی اور یارا انٹرنیشنل نے پاکستان کے زرعی حالات، مختلف فصلوں، موسمی تقاضوں اور زمینی خصوصیات کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد اعلیٰ معیار کی خصوصی کھادیں اور بائیوسٹیمولنٹس متعارف کروائی ہیں۔ جدید فارمولیشنز پر مشتمل یہ کھادیں مارکیٹ میں دستیاب دیگر کھادوں سے منفرد ہیں، جو غذائی اجزاء کی مؤثر فراہمی، پتوں کے ذریعے بہتر جذب اور فصل کی حساس نشوونما کے مراحل میں بہترین کارکردگی کو یقینی بناتی ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب محمد علی جنجوعہ، چیف کمرشل آفیسر، ایف ایف سی نے ایف ایف سی کے منیجنگ ڈائریکٹر و چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب جہانگیر پراچہ اور یارا کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب سوین تورے ہولسیتر کی قیادت کو سراہا، جن کی رہنمائی کے باعث یہ تاریخی دن ممکن ہوا۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ایف ایف سی ہمیشہ جدید زرعی ٹیکنالوجیز اور مؤثر فصلی غذائیت کے فروغ میں قائدانہ کردار ادا کرتی رہی ہے تاکہ کاشتکار کم لاگت میں بہتر پیداوار اور زیادہ منافع حاصل کر سکیں۔ یارا انٹرنیشنل کے ساتھ یہ اشتراک پاکستان میں فصلات کے لئے عالمی معیار کے غذائی حل متعارف کروانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے، جسے جامع تکنیکی جائزے اور مقامی زرعی ضروریات سے ہم آہنگ کرنے کے بعد اختیار کیا گیا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ایف ایف سی مستقبل میں بھی جدید زرعی ٹیکنالوجیز اور مؤثر کھادیں متعارف کروانے کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھے گی۔ یہ خصوصی کھادیں فصلوں کی پیداوار، معیار اور کاشتکاروں کی آمدن میں اضافے کے ساتھ قومی غذائی تحفظ کے حصول میں بھی اہم کردار ادا کریں گی۔ انہوں نے بتایا کہ ان مصنوعات کی مارکیٹنگ NexGen Nutrients کے تحت ایف ایف سی کے ملک گیر مارکیٹنگ اور زرعی مشاورتی نیٹ ورک کے ذریعے کی جائے گی تا کہ ملک بھر کے کاشتکار عالمی معیار کی جدید فصلی غذائیت سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔ جناب الیگزینڈر ماسیڈو، سینئر وائس پریزیڈنٹ، بزنس یونٹ افریقہ، یارا افریقہ اینڈ ایشیا نے اپنے خطاب میں کہا کہ اس شراکت داری کی بنیاد دنیا بھر میں منعقد ہونے والی مختلف عالمی فرٹیلائزر کانفرنسوں کے دوران دونوں اداروں کے چیف ایگزیکٹو آفیسرز کی ملاقاتوں سے آغاز ہوئی۔ پاکستان میں سائنسی بنیادوں پر فصلی غذائیت اور پائیدار کاشتکاری کے ذریعے زرعی پیداوار میں نمایاں اضافے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یارا اور ایف ایف سی کی یہ شراکت داری عالمی مہارت کو مقامی تجربے کے ساتھ یکجا کرتے ہوئے پاکستان کے کاشتکاروں تک جدید فصلی غذائیت کے مؤثر حل پہنچانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ اس تعاون کے ذریعے کاشتکاروں کو جدید زرعی ٹیکنالوجی، عالمی معیار کی زرعی مہارت اور مؤثر غذائی مصنوعات تک بہتر رسائی حاصل ہوگی، جس سے پیداوار، منافع اور وسائل کے مؤثر استعمال میں نمایاں بہتری آئے گی۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ یہ اشتراک پاکستان کی زرعی ترقی، قومی غذائی تحفظ اور ایک مضبوط، پائیدار اور ماحول دوست زرعی مستقبل کی بنیاد ثابت ہوگا۔

بقیہ 5

فورمز کا انعقاد کرتا ہے۔ نشست کی نظامت کرتے ہوئے ڈائریکٹر CASS، ایئر مارشل حمید رندھاوا (ریٹائرڈ) نے سندھ طاس معاہدے کے مستقبل سے متعلق اہم امور، بالخصوص معاہدے کی خلاف ورزی کی صورت میں ردِعمل، پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ یہ معاہدہ کئی دہائیوں کے تنازعات اور سیاسی کشیدگی کے باوجود برقرار رہا، تاہم حالیہ پیش رفت، جیسے بھارت کی جانب سے معاہدے کی ذمہ داریوں کی معطلی، آبی ڈھانچے کے بڑھتے ہوئے منصوبے اور موسمیاتی تبدیلی سے پیدا ہونے والے دباؤ، نے نئے چیلنجز پیدا کر دیے ہیں، جن کے باعث آبی سلامتی اور علاقائی استحکام پر ازسرِنو مکالمے کی ضرورت ہے۔ کلیدی خطاب کرتے ہوئے پاکستان کے سابق کمشنر برائے سندھ طاس، مرزا آصف بیگ نے معاہدے، اس کے تاریخی ارتقا اور اس پر عملدرآمد سے متعلق چیلنجز کا جامع جائزہ پیش کیا۔ انہوں نے مغربی دریاؤں پر بھارت کے متعدد پن بجلی منصوبوں کے ڈیزائن اور آپریشنل خصوصیات پر پاکستان کے دیرینہ اعتراضات کو اجاگر کیا۔ معاہدے پر عملدرآمد کے حوالے سے انہوں نے مؤقف اختیار کیا کہ بھارت مسلسل مذاکرات کو طول دے کر اور اسی دوران پن بجلی منصوبوں کی تعمیر جاری رکھ کر پاکستان کے اعتراضات کے حل میں تاخیر کرتا رہا، جس سے ایک "fait accompli" یعنی ایسی صورت حال جسے بعد میں تبدیل کرنا انتہائی مشکل ہو) پیدا ہو جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ عام تاثر یہ رہا کہ سندھ طاس معاہدہ جنگوں اور کشیدگی کے ادوار میں بھی مؤثر انداز میں کام کرتا رہا، تاہم متعدد منصوبے معاہدے کی شقوں کو مدِنظر رکھے بغیر تیار کیے گئے۔ ان کے مطابق مستقل سندھ طاس کمیشن میں ہونے والے مذاکرات سے خاطر خواہ پیش رفت نہ ہونے پر پاکستان کو نیوٹرل ایکسپرٹ اور ثالثی عدالت (Court of Arbitration) سے رجوع کرنا پڑا، جو عموماً طویل وقت لینے والے طریقہ کار ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ اگرچہ سندھ طاس معاہدہ بڑی حد تک بھارت کے حق میں جھکا ہوا ہے، تاہم مشترکہ دریائی نظام کو منظم کرنے کے لیے یہی واحد بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ فریم ورک ہے۔ اختتامی کلمات میں صدر CASS، ایئر مارشل جاوید احمد (ریٹائرڈ) نے کہا کہ گزشتہ چھ دہائیوں سے زائد عرصے سے سندھ طاس معاہدہ دنیا کے سب سے مضبوط اور پائیدار بین السرحدی آبی اشتراک کے معاہدوں میں شمار ہوتا ہے۔ تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ حالیہ پیش رفت سے ظاہر ہوتا ہے کہ بھارت اس معاہدے کو بڑھتے ہوئے سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کر رہا ہے، جس سے علاقائی استحکام اور باہمی آبی تعاون کے ایک اہم فریم ورک کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ آبی سلامتی کی تزویراتی اہمیت پر زور دیتے ہوئے انہوں نے پاکستان پر زور دیا کہ وہ اس معاملے کو اپنی سفارتی اور قانونی حکمتِ عملی میں ترجیح دے، جبکہ معاہدے کے تحت اپنے آبی حقوق کے تحفظ کے لیے بین الاقوامی سطح پر مؤثر سفارتی کوششوں کو بھی مزید مضبوط بنائے۔

بقیہ 6

کہا کہ پاکستان عوامی قوت دکھ اور غم کی ہر گھڑی میں اپنے دوستوں اور عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔ وفد میں طاہر خان، قاضی ظفر، شیراز بیگ، آغا نسیم اور سہراب لطیف بیگ شامل تھے۔

بقیہ 7

بنانے کی جانب ایک اور تاریخی قدم اٹھایا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ "اپنا کھیت اپنا روزگار" سکیم کے تحت 30 ہزار خاندانوں کو زمین کی ملکیت فراہم کی جا رہی ہے، جبکہ "اپنی چھت اپنا گھر" پروگرام کے ذریعے ایک لاکھ 80 ہزار سے زائد افراد اپنے گھر کی چھت کے مالک بن چکے ہیں۔ اسی طرح "اپنی زمین اپنا گھر" پروگرام کے پہلے مرحلے میں دو ہزار خاندانوں میں مفت رہائشی پلاٹس تقسیم کیے جا چکے ہیں، جو عام آدمی کو باعزت رہائش فراہم کرنے کے حکومتی عزم کا عملی اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے زرعی شعبے کی ترقی اور کسانوں کی خوشحالی کو بھی ترجیحی بنیادوں پر فروغ دیا ہے۔ پنجاب بھر میں 9 لاکھ کسان کارڈز، 30 ہزار گرین ٹریکٹرز تقسیم کیے جا چکے ہیں، جبکہ 5 ہزار کسانوں کو سپر سیڈر مشینیں اور 8 ہزار ٹیوب ویلز کی سولرائزیشن کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ ان اقدامات سے زرعی پیداوار میں اضافہ، پیداواری لاگت میں کمی اور کسانوں کی آمدن میں بہتری آئے گی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ الحمدللہ آج پنجاب میں عوامی خدمت کے منصوبے صرف اعلانات تک محدود نہیں بلکہ عملی طور پر عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لا رہے ہیں۔ ترقی اور خوشحالی کا سفر اٹک سے رحیم یار خان تک پھیل چکا ہے اور ہر ضلع میں عوام حکومتی اقدامات کے ثمرات سے مستفید ہو رہے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف عوامی خدمت کے نئے ریکارڈ قائم کر رہی ہیں اور ان کی سیاست کا محور صرف عوام کی فلاح و بہبود ہے۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز مخالفین کے جھوٹ، منفی پروپیگنڈے اور بے بنیاد الزامات کا جواب صرف اپنی کارکردگی، شفاف طرزِ حکمرانی اور عوامی خدمت سے دے رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام خدمت کرنے والوں اور محض الزام تراشی کی سیاست کرنے والوں میں فرق بخوبی جانتے ہیں۔ پنجاب حکومت اپنی تمام تر توانائیاں عوام کی ترقی، خوشحالی اور معیارِ زندگی بہتر بنانے پر صرف کر رہی ہے اور یہی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت کا نمایاں وصف ہے۔

بقیہ 8

صوبہ بھر میں مجموعی طور پر 30 ہزار 391 خالی پوسٹیں ختم کرنے کا عمل جاری ہے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق جن نان ٹیچنگ آسامیوں کو ختم کیا جا رہا ہے ان میں بیلدار، چوکیدار، نائب قاصد، مالی، لیب اسسٹنٹ، لیب انچارج، لیب اٹینڈنٹ، جونیئر کلرک، سینئر کلرک، اسٹینوگرافر، ڈرائیور، سویپر، اسسٹنٹ، اکاؤنٹنٹ، کمپیوٹر آپریٹر، لائبریرین، اسسٹنٹ لائبریرین، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن، آڈیٹر، سپرنٹنڈنٹ، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اور دیگر خالی نان ٹیچنگ عہدے شامل ہیں۔ حکومت کا موقف ہے کہ خالی آسامیوں کے خاتمے سے سرکاری اخراجات اور مالی بوجھ میں کمی آئے گی۔

بقیہ 9

سامنے آگئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن کالجز پنجاب نے نئی بھرتیوں سے متعلق سمری محکمہ ہائر ایجوکیشن کو ارسال کر دی ہے، جس میں خالی تدریسی آسامیوں کو عارضی بنیادوں پر پُر کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ گزشتہ سال پنجاب کے سرکاری کالجز میں تقریباً 7 ہزار کالج ٹیچر انٹرنز تعینات کیے گئے تھے۔ حکام کے مطابق 700 سے زائد اساتذہ ریٹائر ہو چکے ہیں، جبکہ متعدد اساتذہ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے رخصت پر ہیں، جس کے باعث مختلف کالجز میں تدریسی عمل متاثر ہو رہا ہے۔ خالی آسامیوں کو پُر کرنے اور طلبہ کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کے لیے نئے کالج ٹیچر انٹرنز رکھنے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ اس کے علاوہ کالج ٹیچر انٹرنز کے ماہانہ وظیفے میں اضافے کی تجویز بھی زیرِ غور ہے۔ سفارش کی گئی ہے کہ موجودہ وظیفہ 50 ہزار روپے ماہانہ سے بڑھا کر 65 ہزار روپے ماہانہ کر دیا جائے۔ حتمی منظوری کے بعد نئی بھرتیوں اور وظیفے میں اضافے کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔

بقیہ 10

بنانے اور عوامی آگاہی مہم تیز کرنے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب نے تمام پٹرولنگ افسران کو ہدایت کی ہے کہ لین لائن کی خلاف ورزیوں کے خلاف سخت کارروائی یقینی بنانے کے لیے پٹرولنگ کو مزید موثر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ غلط لین میں گاڑی چلانے، بار بار لین تبدیل کرنے اور بغیر انڈیکیٹر استعمال کیے اوورٹیکنگ کرنے والے ڈرائیوروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔ محمد وقاص نذیر کے مطابق صوبہ بھر میں رواں سال لین لائن کی خلاف ورزی پر 6 لاکھ 27 ہزار سے زائد کارروائیاں کی جا چکی ہیں، جبکہ صرف لاہور میں 3 لاکھ سے زائد خلاف ورزیوں کے خلاف ایکشن لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لین لائن کی پابندی شہریوں کے تحفظ، ٹریفک کے بہتر بہاؤ اور سڑک حادثات میں کمی کے لیے نہایت ضروری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ لین تبدیل کرتے یا اوورٹیکنگ کرتے وقت ہمیشہ انڈیکیٹرز کا استعمال کیا جائے تاکہ دیگر ڈرائیور بروقت صورتحال سے آگاہ رہیں۔ ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب نے موٹرسائیکل سواروں کو ہدایت کی کہ وہ ہمیشہ انتہائی بائیں لین میں سفر کریں اور ٹریفک قوانین پر عمل کرتے ہوئے اپنی اور دوسروں کی جان کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔

بقیہ 11

پارٹی کے لوگوں کے ساتھ ملاقاتیں کرتا رہا ہوں تو وہاں باتیں ہو رہی تھیں کہ پاکستان کون کون جائے گا اور کسی اہم شخصیت کے پاکستان جانے کا ذکر بھی ہو رہا تھا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ 11 جولائی کو تو نہیں لیکن آنے والے دنوں میں ممکنہ طور پر نائب امریکی صدر جے ڈی وینس کے پاکستان جانے کا مضبوط امکان موجود ہے جبکہ چند مہینوں میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پاکستان آمد کا بھی امکان ہے۔ ساجد تارڑ نے کہا کہ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ جیرڈ کشنر اور اسٹیو وٹکوف دونوں یہودی ہیں اور ایرانی ان کے ساتھ اطمینان محسوس نہیں کرتے جبکہ جے ڈی وینس کے ساتھ وہ بہتر محسوس کرتے ہیں اس لیے زیادہ امکان ہے کہ جے ڈی وینس پاکستان جائیں۔ دراصل صدر ٹرمپ آنے والے مڈٹرم انتخابات میں اسلام آباد کارڈ کو اپنی ایک فتح کے طور پر پیش کرنا چاہ رہے ہیں اور ایسا ہو بھی رہا ہے۔ ساجد تارڑ نے کہا کہ یہ جنگ امریکہ کی نہیں دراصل اسرائیل کی تھی اور پاکستان نے اسرائیل کے چاروں مقاصد کو جس طرح سے ناکام کیا ہے اس کا کریڈٹ فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو جاتا ہے۔ ان کے ساتھ ساتھ سیاسی ٹیم جس میں وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار ہیں لیکن جس طرح سے فیلڈ مارشل دفاع کے شعبے کو لے کر آگے بڑھے ہیں پاکستان کا تابناک مستقبل بالکل قریب ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں پاکستان کی ری برینڈنگ یا پاکستان کے بدلتے ہوئے تاثر کو بہت قریب سے دیکھ رہا ہوں۔ آپریشن بنیان مرصوص سے نکل کر تیسری عالمی جنگ کو روکنا ایک بہت بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں صدر ٹرمپ کے ساتھ مل کر کام کرنے اور قریب سے ان کی حکمتِ عملی کو دیکھنے کا موقع ملا۔ ساتھ ہی ساتھ مجھے چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کے ساتھ ملاقاتیں کرنے اور وقت گزارنے کا موقع ملا۔ امریکی ریاست فلوریڈا کے دارالحکومت ٹیمپا میں عاصم منیر نے پاکستانی کمیونٹی کے ساتھ امپورٹ ایکسپورٹ اور تجارت کے حوالے گفتگو کی اور ان کی ایک بات مجھے اہم لگی جس میں انہوں نے کہا کہ اب ہم نے ترقی کرنی ہی کرنی ہے، بس یہ طے کرنا ہے کہ کس رفتار سے کرنی ہے۔

بقیہ 12

افسوسناک واقعہ قرار دیا۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ گروپ کیپٹن عاصم طارق نے خاتون کی جان و عزت کیت حفظ کیلئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ خوارج کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ شہباز شریف نے یہ بھی کہا کہ تہران میں سپریم لیڈر شہید? یت اللہ علی خامنہ ای کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے شہید سپریم لیڈر کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، حکومت پاکستان اور عوام کی جانب سے ایران سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اپنے دورہ ترکیہ کے دوران نمایاں کاروباری گروپوں سے ملاقاتیں کیں، ترک کمپنیوں کو توانائی، کان کنی، معدنیات، انفرااسٹرکچر میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔

بقیہ 13

کے احکامات جاری کر دیے۔ وزیراعلیٰ نے اپنے پہلے سرکاری آرڈر پر دستخط کرتے ہوئے محکمہ صحت کے 89 ڈاکٹرز کی مستقلی کی منظوری دی۔ یہ اقدام چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت پر کیا گیا جسے صوبے کے صحت کے شعبے میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ حکومت کا کہنا ہے کہ ڈاکٹرز کی مستقلی سے نہ صرف طبی عملے کے دیرینہ مسائل حل ہوں گے بلکہ صحت کی سہولیات کی فراہمی میں بھی بہتری آئے گی۔ وزیراعلیٰ امجد حسین ایڈووکیٹ نے اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا کہ گلگت بلتستان میں عوامی فلاح، بہتر طرزِ حکمرانی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو حکومت کی اولین ترجیح بنایا جائے گا، جبکہ محکمہ صحت سمیت دیگر شعبوں میں اصلاحات کا عمل بھی جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 14

ماہ نور ناصر اور ان کے اہل خانہ سے ملاقات کی، ان کے ساتھ بھرپور یکجہتی و ہمدردی اور ان کی جلد صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے اہل خانہ کو یقین دلایا کہ اس مشکل گھڑی میں پوری قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ سیدال خان نے خواتین کے خلاف ہر قسم کے تشدد خصوصاً تیزاب گردی جیسے گھناؤنے جرائم کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ ایسے وحشیانہ اقدامات مہذب معاشرے میں کسی صورت قابل قبول نہیں اور یہ انسانی وقار اور بنیادی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے حوصلہ افزائی اور اظہارِ یکجہتی کے طور پر ڈاکٹر ماہ نور ناصر کو پھولوں کا گلدستہ اور تحائف پیش کیے۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی جرات، استقامت اور عزم کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ اس آزمائش میں تنہا نہیں بلکہ پوری قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ سیدال خان نے ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر ہونے والے حملے کو انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت قرار دیا۔ انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں اور صوبائی حکومت کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ حملہ آور اپنے انجام کو پہنچ چکا اور متاثرہ خاندان کو انصاف مل چکا ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ایسے جرائم کی روک تھام کے لیے مسلسل چوکسی اور قانون پر مؤثر عمل درآمد ناگزیر ہے۔ سیدال خان نے ہسپتال انتظامیہ سے ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی صحت اور علاج معالجے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ بھی لی۔ انہوں نے ہسپتال کے طبی عملے کی پیشہ ورانہ مہارت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو بھی سراہا۔ سیدال خان نے ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کی اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ پوری قوم اس مشکل وقت میں ان اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 15

زیرو ٹالرنس پالیسی اختیار کی جائے گی، نادہندگان کو ٹیکس کی ادائیگی پر آمادہ کیا جائے گا اور غیر رجسٹرڈ بزنسز رجسٹر کیے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب ریونیو اتھارٹی (پی آر اے) کے زیر اہتمام سالانہ اسٹریٹجک کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا۔ اسٹریٹیجک کانفرنس میں چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا، بورڈ ممبران، پی آر اے کے سینئر افسران اہلکار شریک تھے۔ صوبائی وزیر نے پنجاب ریونیو اتھارٹی کو مالی سال 2025-26 میں سالانہ محصولات میں 36 فیصد کی غیر معمولی شرح نمو کے ساتھ 368 ارب روپے کی وصولیوں پر شاباش دیتے ہوئے کہا کہ پی آر اے نے مالی سال 2025-26 میں پچھلے سال کی نسبت 97 ارب روپے زائد ٹیکس اکٹھا کر کے شاندار کامیابی حاصل کی ہے جس کے لیے ان کی پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ صوبے کے ذاتی محاصل میں اضافہ وفاق پر انحصار میں کمی کی جانب اہم پیش رفت ہے جو وزیر اعلیٰ مریم نواز کے ویژن کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیکس سسٹم میں اصلاحات کا مقصد صرف محصولات میں اضافہ نہیں ہے۔ پنجاب حکومت ٹیکس سسٹم میں شفافیت کے فروغ اور بدعنوانیوں کے خاتمے کے لیے سرگرم عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں محصولات میں اضافے کا مطلب سہولیات میں اضافہ ہے۔ پنجاب حکومت ٹیکس کے پیسے کو صحت اور تعلیم کی سہولیات میں اضافے، کاروبار کیلئے ضروری انفراسٹرکچر کی فراہمی اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر خرچ کر رہی ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ٹیکس سسٹم سے بدعنوانیوں کے خاتمے کے لیے شہریوں کا تعاون بھی ضروری ہے۔ شہری بلز کی ادائیگی کے وقت پکی رسید طلب کریں۔ ای بل یا ڈیجیٹل ادائیگی سے انکار کرنے والوں کی حوصلہ شکنی کریں۔ نئے مالی سال میں انفورسمنٹ کو مزید مؤثر بنانے کے لیے پی آر اے کی استعداد کار میں اضافہ کیا جائے گا اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو یقینی بنایا جائے گا۔ وزیر خزانہ پنجاب نے کانفرنس کے دوران پنجاب ریونیو اتھارٹی میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران اور اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کے لیے اسناد بھی تقسیم کیں۔

بقیہ 16

والے شخص کی شناخت گل بیگ، قوم مری، سکنہ کلی ڈیمہ، تحصیل لونی کے نام سے ہوئی ہے۔

بقیہ 17

خیبر پختونخوا اسمبلی کے ارکان اور ان کے شریک حیات کو تاحیات آفیشل (بلیو) پاسپورٹ کی سہولت فراہم کی جائے گی، شریک حیات کو خصوصی اسمبلی شناختی کارڈ بھی جاری کیا جائے گا۔ قانون کے تحت ملک بھر کے تمام ہوائی اڈوں پر ارکان اسمبلی کو وی آئی پی لاؤنج استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، انہیں اپنی ذاتی گاڑی پر خصوصی ایم پی اے نمبر پلیٹ لگانے اور کالے شیشوں والی ذاتی گاڑی استعمال کرنے کی بھی قانونی اجازت دی گئی ہے۔

بقیہ 18

تمام تحصیلوں سے آئے ہوئے شہریوں نے ریونیو، بلدیاتی امور اور انتظامی مسائل سے متعلق اپنی درخواستیں پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہر شہری کی شکایت کو فرداً فرداً سنا اور ان کے میرٹ پر حل کے لیے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن نے درخواستوں پر موقع پر ہی احکامات جاری کرتے ہوئے انہیں متعلقہ محکموں کو مسائل حل کرنے کے لیے بھجوانے کی ہدایت کی، تاکہ مسائل شہریوں کی دہلیز پر حل ہوں۔ انہوں نے واضح کیا کہ دفتری امور میں تاخیری حربے برداشت نہیں کیے جائیں گے اور شہریوں کے مسائل کا حل پہلی ترجیح ہے۔ ریونیو سٹاف اور دفتری عملے کو ہدایت کی گئی کہ وہ کچہری میں موصول ہونے والی شکایات پر کی جانے والی تادیبی کارروائی کی رپورٹ مقررہ وقت میں جمع کرائیں۔ انتظامیہ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شہریوں کی سہولت کے لیے دفتری دروازے ہمیشہ کھلے رہیں گے اور ہر جائز کام کو بلا تاخیر سرانجام دیا جائے گا۔ تمام درخواستوں کو باقاعدہ سسٹم میں درج کر لیا گیا ہے۔ یہ اقدام ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سرور عامہ کو بہتر بنانے اور دفتری نظم و نسق کو جوابدہ بنانے کی مربوط کوششوں کا حصہ ہے۔ ضلعی حکام کے مطابق اس قسم کی باقاعدہ کچہریوں کے انعقاد سے اداروں کی کارکردگی میں نکھار آتا ہے اور دہلیز پر ریلیف کی فراہمی تیز ہوتی ہے۔ یہ تمام فیلڈ اقدامات اور ہدایات جاری کی گئی ہیں، تاکہ دفتری شفافیت اور شہریوں کے مسائل کا فوری تدارک مستقل بنیادوں پر یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 19

ہے۔ معاون وزیراعلیٰ بلوچستان شاہد رند نے بتایا کہ ضلع زیارت میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کلیئرنس آپریشن مکمل کر لیا گیا۔ ایف سی، بلوچستان پولیس، سی ٹی ڈی، ایس او ڈبلیو اور اے ٹی ایف نے مشترکہ کلیئرنس آپریشن کامیابی سے مکمل کر لیا۔ شاہد رند نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے دہشت گرد حملے میں بلوچستان پولیس کے 9 افسران و اہلکار شہید ہوئے۔ شہدا میں ایس ایچ او تھانہ منگی، ایس ایچ او تھانہ کاوس، اے ٹی ایف انچارج ہیڈ کانسٹیبل سیف اللہ سمیت دیگر اہلکار شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ڈی ایس پی غلام سرور سمیت 8 پولیس اہلکار دشوار گزار پہاڑی راستوں سے بحفاظت تھانہ کاچ پہنچ گئے جبکہ کانسٹیبل رضوان کو بحفاظت بازیاب کر لیا گیا۔ معاون وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ شہدا کی میتیں قانونی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کیلئے ڈی ایچ کیو اسپتال زیارت منتقل کی جا رہی ہیں، بلوچستان حکومت شہدا کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے، دہشت گردی کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دریں اثنا وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے زیارت کے علاقے میں بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں کے حملے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے 9 پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت جبکہ صبر جمیل کی دعا کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ امن کی خاطر جانیں قربان کرنے والے شہدا ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں،

بقیہ 20

داخلہ پنجاب احمد جاوید قاضی نے بتایا کہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے صوبے کو مزید محفوظ بنایا جا رہا ہے جبکہ بین الصوبائی بارڈر سکیورٹی کے لیے 14 جدید چیک پوسٹس تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سول ڈیفنس ریزیلیئنس کور کو جدید خطوط پر استوار کیا گیا ہے اور اب تک ساڑھے تین لاکھ رضاکار رجسٹرڈ کیے جا چکے ہیں، جن کی تربیت کا عمل جاری ہے۔ برطانوی ہائی کمیشن کے وفد نے حکومت پنجاب کی سماجی فلاح اور اصلاحی اقدامات کو سراہا۔ وفد نے دورے کے دوران اسیران کی تیار کردہ مصنوعات کا بھی جائزہ لیا۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری داخلہ زینب خان، ایڈیشنل آئی جی محمد علی نیکوکارہ، ڈی جی پروبیشن اینڈ پیرول شاہد اقبال، ایڈیشنل سیکرٹری ہوم عاصمہ اعجاز چیمہ، ایڈیشنل سیکرٹری انٹرنل سکیورٹی ماہم آصف ملک، ایڈیشنل سیکرٹری فارم نیشنل سیکورٹی عظمیٰ سلیم، ایڈیشنل سیکرٹری عائشہ ممتاز اور ایڈیشنل سیکرٹری جوڈیشل عبدالرؤف بھی شریک ہوئے۔

بقیہ 21

موقع پر پہنچ گئی اور ڈوبنے والے نوجوان کی تلاش کے لیے نالہ بسنتر میں سرچ اینڈ ریکوری آپریشن شروع کر دیا گیا۔ ریسکیو کے 13 اہلکار سرچ میں شامل ہیں۔

بقیہ 22

نائب وزیراعظم کو آئندہ منعقد ہونے والے مختلف اعلیٰ سطح کے پروگراموں کی تیاریوں کی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ انہوں نے کثیرالجہتی تعاون کے فروغ کے لیے پاکستان کے مسلسل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے مختلف بین الاقوامی فورمز پر پاکستان کے اصولی مؤقف کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کیں۔ اجلاس میں سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ، سپیشل سیکرٹری (اقوام متحدہ)، ایڈیشنل سیکرٹری (ایشیا پیسفک) اور وزارتِ خارجہ کے دیگر سینئر حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 23

اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ قوم کے بہادر سپوت نے انسانیت کی حفاظت کیلئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، گروپ کیپٹن عاصم طارق کی شہادت کو پوری دنیا میں خراج عقیدت پیش کیا جا رہا ہے، کیپٹن عاصم طارق شہید کے مجرمان کو جلد از جلد کیفر کردار تک پہنچایا جائے، ان کی بے مثال جرات اور بہادری کے مظاہرے اور قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، کیپٹن عاصم طارق کو ان کی بہادری کے عوض تمغہ بسالت سے نوازا جائے۔ چودھری پرویز الٰہی نے مزید کہا کہ تلہ گنگ شہیدوں اور غازیوں کی سرزمین ہے، یہاں کا ایک اور سپوت شہید ہوا ہے، میں نے اپنی وزارت اعلیٰ کے دور میں تلہ گنگ کو ضلع کا درجہ انہی شہیدوں کی وجہ سے دیا تھا، انشاء اللہ آئندہ بھی اللہ تعالیٰ نے موقع دیا تو تلہ گنگ کی بھرپور خدمت کروں گا، جہاں ترقی کا سفر رکا تھا وہاں سے ہی دوبارہ شروع کریں گے۔ چودھری پرویز الٰہی نے شہید کیپٹن عاصم طارق کے بلندی درجات اور اہل خانہ کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 24

دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اربن ریجنریشن پراجیکٹ کے تحت جاری مختلف ترقیاتی کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران ڈائریکٹر جنرل ایل ڈی اے طاہر فاروق نے سیکرٹری ہاؤسنگ کو منصوبے کی مجموعی پیش رفت، تکمیل کے مختلف مراحل اور جاری ترقیاتی سرگرمیوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہیں بتایا گیا کہ ریلوے اسٹیشن سے منسلک وسیع پارکنگ ایریا کی تعمیر پر تیزی سے کام جاری ہے جبکہ ریلوے اسٹیشن کے سامنے جدید آٹومیٹڈ پارکنگ سسٹم کی تنصیب کے انتظامات بھی مکمل کیے جا رہے ہیں۔ سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل نے ہدایت کی کہ آٹومیٹڈ پارکنگ سسٹم کو جلد از جلد فعال کیا جائے تاکہ شہریوں اور مسافروں کو جدید، محفوظ اور آسان پارکنگ کی سہولت فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور کی شہری خوبصورتی اور جدید انفراسٹرکچر حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ریلوے اسٹیشن سے ملحقہ تمام اہم سڑکوں پر واقع عمارتوں کی فساڈ اپ گریڈیشن کا کام مکمل کر لیا گیا ہے جبکہ ریلوے وال کی بیوٹیفکیشن اور اپ گریڈیشن کا کام بھی آخری مراحل میں ہے، جسے جلد مکمل کر لیا جائے گا۔ سیکرٹری ہاؤسنگ نے کہا کہ اس منصوبے کے ذریعے مسافروں اور شہریوں کے لیے جدید شہری انفراسٹرکچر متعارف کروایا جا رہا ہے، جس سے نہ صرف شہری خوبصورتی میں اضافہ ہوگا بلکہ عوام کو بہتر سفری اور شہری سہولیات بھی میسر آئیں گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور رفتار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور تمام منصوبے مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں گے۔

بقیہ 25

والے نجی سکولوں کے خلاف سخت کارروائی کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا جبکہ احکامات پر عمل نہ کرنے والے مزید تعلیمی اداروں کو بھی سیل کیا جائے گا۔ سی ای او ایجوکیشن طارق محمود نے کہا کہ 744 نجی سکولوں کو رجسٹریشن کرانے کے لیے پہلے ہی حتمی وارننگ جاری کی جا چکی ہے تاہم متعدد اداروں نے تاحال قانونی تقاضے پورے نہیں کیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ رجسٹریشن نہ کروانے والے نجی سکولوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی اور تمام تعلیمی اداروں کو متعلقہ قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانا ہوگا۔

بقیہ 26

فنانسنگ نجی مالیاتی اداروں کے ذریعے حاصل کی جائے گی۔ حکومتی منصوبے کے مطابق صنعتوں کو رعایتی شرائط پر مالی سہولتیں فراہم کی جائیں گی تاکہ نئی فیکٹریوں کے قیام، موجودہ صنعتی اداروں کی توسیع اور پیداواری صلاحیت میں اضافے کو ممکن بنایا جا سکے۔ حکومت نے اس پروگرام کے ذریعے برآمدات میں اضافہ، صنعتی پیداوار کو بہتر بنانا، نئی سرمایہ کاری کو فروغ دینا اور ہزاروں نئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ منصوبے کی منظوری کے بعد برآمدی شعبے اور صنعتی اداروں کو آسان شرائط پر فنانسنگ فراہم کی جائے گی، جس سے کاروباری سرگرمیوں میں تیزی آنے اور سرمایہ کاری کے ماحول کو مزید بہتر بنانے کی توقع ہے۔ حکام کے مطابق اس پروگرام سے پنجاب کی معاشی ترقی کو نئی رفتار ملے گی، جبکہ برآمدات میں اضافے کے ذریعے ملک کے لیے قیمتی زرمبادلہ بھی حاصل کیا جا سکے گا۔

بقیہ 27

قربانیوں کو بھی فراموش نہیں کرے گی۔ منگل کو پی ایم ا?فس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق حوالدار لالک جان شہید نشان حیدر کے یوم شہادت پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ کارگل کے معرکے میں حوالدار لالک جان شہید کی شجاعت، بہادری اور وطن کے دفاع کے لیے دی جانے والی عظیم قربانی پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ شدید زخمی ہونے کے باوجود دشمن کے سامنے ڈٹے رہنا ان کے بے مثال جذبہ ? حب الوطنی کا ثبوت ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ قوم اپنے اس عظیم سپوت اور تمام شہدائے پاکستان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔

بقیہ 28

کے مطابق حج پورٹل یا موبائل ایپ "پاک حج" کے ذریعے رجسٹریشن کا عمل نہایت آسانی سے ممکن ہے۔ یہ وزیراعظم کے ویژن کے مطابق ڈیجیٹل پاکستان کا خواب شرمندہ تعبیر ہونے کی جانب اہم قدم ہے۔ وزارت مذہبی امور نے اگلے مرحلے میں حج واجبات بھی آن لائن وصول کرنے کا عندیہ ظاہر کیا ہے۔ نیشنل آئی ٹی بورڈ کا تیار کردہ حج مینجمنٹ سسٹم عازمین حج اور وزارت کے درمیان رابطے کا آسان ذریعہ بن گیا ہے۔ ایک لاکھ 87 ہزار افراد نے سرکاری جبکہ 63 ہزار نے پرائیویٹ حج سکیم کا انتخاب کیا۔ رجسٹرڈ عازمین حج میں 3 ہزار پی ایچ ڈی، 45 ہزار ماسٹرز اور 60 ہزار بیچلرز تعلیم کے حامل ہیں۔ 33 تا 44 سال کے عازمین حج 76 ہزار کی تعداد کے ساتھ نمایاں ہیں۔

بقیہ 29

گئے ہیں۔ ان کی اس غیر معمولی کامیابی نے عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کرتے ہوئے ملک کو ایک نادر بین الاقوامی اعزاز سے ہمکنار کر دیا۔ انہیں یہ تاریخی گولڈ میڈل تحقیقی اور نادر کلیکشن برٹش انڈیا اسٹیمپس اور پرنس پاکستان 1949–1947 پر دیا گیا جسے پاکستان کی ابتدائی ڈاک تاریخ پر مبنی بہترین، منفرد اور اعلیٰ تحقیقی نمائش قرار دیتے ہوئے عالمی ججز نے بے حد سراہا۔ عارف بالاگام والا کے لیے یہ کامیابی 2026 کا ایک بہت بڑا عالمی اعزاز ہے۔ وہ اس سے قبل دبئی 2026 ورلڈ اسٹیمپ نمائش میں بھی اپنے منفرد کلیکشن پاکستان اور برٹش آن انڈیا اسٹیشنری 1949–1947 پر گولڈ میڈل حاصل کر چکے ہیں۔ اسی سال انہوں نے ایک اور تاریخی سنگ میل عبور کرتے ہوئے امریکا میں منعقدہ بوسٹن ورلڈ اسٹیمپ ایکسپو 2026 میں کورٹ آف آنر حاصل کیا جو عالمی فلاٹیلی میں صرف ممتاز اور غیر معمولی کلیکشن پر دیا جانے والا انتہائی باوقار اعزاز سمجھا جاتا ہے۔ اس اعزاز تک پہنچنے والے وہ پاکستان کی تاریخ کے پہلے فلاٹلسٹ بھی ہیں جو اس سے قبل کوئی پاکستانی حاصل نہیں کر سکا۔

بقیہ 30

لیا۔ پی ٹی آئی رہنما میاں محمود الرشید نے اپنے وکیل سکندر ذوالقرنین کے ذریعے دائر اپیل میں مؤقف اختیار کیا کہ مغلپورہ میں پولیس کی گاڑیوں کو نذر آتش کرنے کے مقدمے میں انہیں حقائق اور شواہد کے برعکس سزا سنائی گئی۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ استغاثہ ان کے خلاف عائد الزامات ثابت کرنے میں ناکام رہا۔ جبکہ مقدمے کے ریکارڈ پر ایسا کوئی ٹھوس ثبوت موجود نہیں جو سزا کو درست ثابت کرتا ہو۔ اپیل میں لاہور ہائی کورٹ سے استدعا کی گئی ہے کہ ٹرائل کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے 10 سال قید کی سزا ختم کی جائے۔

بقیہ 31

ہے، آخری مرتبہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے 10 اپریل 1986ء نے مینار پاکستان پر جلسہ کیا تھا۔

بقیہ 32

مسکراہٹیں بکھیریں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ اللہ رکھا پیپسی نے اپنی محنت، خداداد صلاحیت اور منفرد اندازِ اداکاری کی بدولت نہ صرف اپنی الگ شناخت قائم کی بلکہ پاکستانی فن و ثقافت کے فروغ میں بھی نمایاں کردار ادا کیا۔ ان کی فنی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے یاد رکھا جائے گا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پنجاب حکومت اللہ رکھا پیپسی کے انتقال پر ان کے اہلِ خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے اور ان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتی ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ ناقابلِ تلافی صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ 33

نیو ٹاؤن پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 34

عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 35

کے مطابق این ای اوسی تمام ممکنہ خطرات کی پیشگی تشخیص اور متعلقہ اداروں تک بروقت معلومات کی فراہمی یقینی بنا رہا ہے، موجودہ موسمی صورتحال این ای اوسی کے جاری پیشگی موسمی جائزہ کے عین مطابق ہے، شمالی علاقہ جات میں بارشوں اور زمینی کٹاؤ کی وجہ سے لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے، اگلے دو روز میں سکردو اور ملحقہ علاقوں بشمول بردو نالہ، چھچو، مالویا، ڈمبوداس، تورمک، ہراموش سیکشن میں مقامی سطح پر لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے۔ اس کے علاوہ مقامی نالوں میں کٹاؤ اور مٹی و پتھروں کے تودوں کی حرکت سے سفر کا خطرہ مزید بڑھ سکتا ہے لہٰذا مسافر و سیاح پہاڑی اور لینڈ سلائیڈ والے راستوں پر مکمل احتیاط کریں اور غیر ضروری سفر سے گریز کریں، خطرناک ڈھلوانوں کے قریب سے آمدورفت میں احتیاط برتیں۔ این ڈی ایم اے کی جانب سے مقامی انتظامیہ کو ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی تیاری کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔ عوام مستند اطلاع و حفاظتی تدابیر کے لئے پاک این ڈی ایم اے ڈیزاسٹر الرٹ ایپ استعمال کریں۔

بقیہ 36

اسلام آباد نے شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں، انہوں نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا میرٹ پر اور فوری حل ہماری اولین ترجیح ہے، کسی بھی شہری کو پولیس کے متعلق کوئی بھی مسئلہ درپیش ہو تو وہ کھلی کچہری میں آ سکتا ہے، میرے دروازے ہمیشہ اپنے شہریوں کے لئے کھلے ہیں، آئی جی اسلام آباد نے شہریوں کی شکایات پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مقرر کردہ ٹائم فریم میں درخواستوں کو میرٹ پر حل کر کے رپورٹ سنٹرل پولیس آفس بھجوائیں، انہوں نے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات دیں کہ وہ اپنے دفاتر میں مقررہ کئے گئے ٹائم کی پابندی کریں

بقیہ 37

تھا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 38

صحت، تعلیم، قانون، اطلاعات، مذہبی امور کے وزراء بھی کونسل میں شامل ہوں گے۔ پاپولیشن کونسل بڑھتی آبادی پر کنٹرول کیلئے مستحکم پالیسی مرتب کرے گی۔ کونسل آبادی کنٹرول پر قومی اتفاق رائے اور عوامی حمایت کیلئے اقدامات کرے گی، کونسل وفاقی اور صوبائی سطح پرا? بادی کنٹرول کے اقدامات میں ہم آہنگی لائے گی۔ مذہبی اسکالرز، سول سوسائٹی اور نجی شعبے کو پاپولیشن کنٹرول مہم کا حصہ بنایا جائے گا۔

بقیہ 39

کوہسار، تھانہ ترنول، تھانہ انڈسٹریل ایریا، تھانہ شمس کالونی، تھانہ کورال، تھانہ کرپا، تھانہ ہمک، تھانہ لوہی بھیر اور تھانہ بنی گالہ پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 13 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 127 گرام چرس 210 گرام ہیروئن 140 گرام آئس 35 بوتلیں شراب، ایک کلاشنکوف، ایک گن اور مختلف بور کے پانچ پستول معہ ایمونیشن برآمد کئے گئے۔

بقیہ 40

نے کہا کہ سب سے پہلے صوبہ پنجاب میں یوتھ پالیسی ہم نے متعارف کرائی، اس پالیسی کا مقصد نوجوانوں کو بااختیار بنانا تھا، اس پالیسی کے تحت تعلیم اور فنی تعلیم پر توجہ مرکوز کی گئی، ہم نے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے پنجاب انڈومنٹ فنڈ اور دانش سکول قائم کیے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں مواقع فراہم کر رہے ہیں، نوجوانوں کو ترقی کے مواقع فراہم کرنا حکومتی ترجیحات میں شامل ہے۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ ہم نوجوانوں کو فنی تعلیم، انفارمیشن ٹیکنالوجی، انوویشن سمیت دیگر شعبوں میں عالمی سطح کے اداروں کے ساتھ تعاون کے ذریعے تربیت فراہم کر رہے ہیں، نوجوانوں کی فنی تربیت کیلئے مختلف پروگرام شروع کئے گئے ہیں۔

بقیہ 41

بھائی نسیم نے پٹی تبدیل کرتے ہوئے مریضہ کو دو انجکشن لگا دیئے جس کے باعث شدید تکلیف پر عزیزہ فاطمہ کو سانس لینے میں دشواری اور بے ہوش پر ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں ابتدائی طبی امداد میں بتایا گیا کہ مریضہ کے جسم میں انفیکشن پھیل چکا ہے کیونکہ اس نوعیت کے انجکشن سے پہلے مریضہ کی مکمل جانچ اور ٹیسٹ ضروری تھے۔ اسی تکلیف میں زیر علاج عزیزہ فاطمہ تین روز بعد 6 جولائی 2026 کی صبح دم توڑ گئی جس کی تدفین پر ورثا نے معاملہ کی تحقیقات اور عطائی کے خلاف کارروائی کر کے انصاف کی فراہمی کا مطالبہ کر دیا۔

بقیہ 42

جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا، اشتہاری کے دو ساتھیوں کو قبل ازیں گرفتار کیا جا چکا ہے۔ ایس پی پوٹھوار سردار بابر ممتاز خان کے مطابق اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 43

سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ ماضی میں پمز میں روزانہ تقریباً دو سو مریض آتے تھے جبکہ اب یہ تعداد سات ہزار سے نو ہزار تک پہنچ چکی ہے۔ لواحقین سمیت روزانہ 35 سے 40 ہزار افراد پمز میں موجود ہوتے ہیں، جو ایک بڑے اجتماع کے برابر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سات لاکھ افراد کے لیے قائم کیا گیا ہسپتال آج کروڑوں کی آبادی کا بوجھ اٹھا رہا ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ حکومت حقائق چھپانے پر یقین نہیں رکھتی اور تسلیم کرتی ہے کہ موجودہ صورتحال مثالی نہیں، انتظامی کمزوریاں موجود ہیں، تاہم انہیں دور کرنے اور نظام کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پاکستان کا بنیادی مسئلہ کمزور پرائمری ہیلتھ کیئر سسٹم ہے، نزلہ، زکام اور بخار جیسے معمولی امراض کے مریضوں کو بڑے اور ٹیچنگ ہاسپٹلز میں آنے کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے، لیکن بنیادی مراکز صحت غیر فعال ہونے کے باعث یہ بوجھ پمز جیسے ہسپتالوں پر آ جاتا ہے۔

بقیہ 44

شہریوں کے مسائل حل کرنا میری اولین ترجیحات میں شامل ہے، ہر خاص و عام کے لیے بلا تفریق ڈی پی او دفتر کے دروازے کھلے ہیں۔ عوام اور پولیس کے درمیان باہمی روابط کو یقینی بنایا جا رہا ہے تا کہ جرائم میں کمی واقع ہو سکے۔ اس موقع پر شہریوں کے مسائل فوری طور پر ضابطہ پولیس کے تحت حل کرنے کے لئے احکامات جاری کئے گئے۔

بقیہ 45

تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ امن کی خاطر اپنی جانیں قربان کرنے والے شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں اور ان کی لازوال قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے دوٹوک انداز میں کہا کہ دشمن عناصر یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ ایسے بزدلانہ حملے ملک میں امن و امان کو سبوتاژ نہیں کر سکتے اور دہشت گردی کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچانے پر پوری پولیس ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا۔ محسن نقوی نے واضح کیا کہ پاکستانی قوم اور سکیورٹی فورسز بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کی جانب سے امن کو سبوتاژ کرنے کی ہر سازش اور ناپاک کوشش کو ناکام بنانے کے لیے پوری طرح پرعزم ہیں۔

بقیہ 46

سینیٹر عائشہ رضا فاروق بھی موجود تھیں۔ دورانِ گفتگو وزیراعظم شہباز شریف نے وفد کا خیر مقدم کیا اور انسداد پولیو کے لیے شراکت داروں کا حکومت کے ساتھ تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے 7 رکنی وفد کے روبرو کہا کہ بچوں کے مستقبل کو پولیو جیسے موذی مرض سے بچانے کیلیے ہر ممکن اقدام کر رہے ہیں۔ انہوں نے اجلاس میں پولیو سے پاک پاکستان کے عزم کی تجدید کی اور کہا کہ پولیو کا خاتمہ قومی ترجیح ہے اور تمام اسٹیک ہولڈرز مشترکہ کوششیں مزید تیز کریں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے جنوبی خیبر پختونخوا کے پولیو ہاٹ اسپاٹس پر خصوصی توجہ دینے اور موثر حکمت عملی اپنانے کی ہدایت کی۔ اُن کا کہنا تھا کہ تمام شراکت داروں کے انسداد پولیو کے حوالے سے اقدامات پر تہہ دل سے شکرگزار ہیں، حکومتی ٹیم کے تمام ارکان انسداد پولیو کیلئے اقدامات پر لائق تحسین ہیں۔ اس موقع پر وفد نے پولیو فری پاکستان کیلئے حکومت کے موثر اقدامات کو سراہا اور نمایاں پیشرفت پر وزیراعظم کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 47

گیا۔ ترجمان نے بتایا کہ کارروائیوں کے دوران ایک ایل ایم جی بمعہ 110 راؤنڈ اور 22 ایس ایم جیز بمعہ 60 راؤنڈ بھی برآمد کیے گئے۔ اے این ایف کے مطابق تمام کارروائیوں کے سلسلے میں انسدادِ منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج کر لیے گئے ہیں، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 48

افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 49

قیادت اور امن کوششوں کا اعتراف کیا اور کہا کہ عالمی اور علاقائی استحکام کے لئے پاکستان کا کردار قابل ستائش ہے۔

بقیہ 50

میں جاری تعمیراتی کاموں، طبی سہولیات اور آپریشنل تیاریوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ہسپتال کے تمام شعبہ جات مکمل ہو چکے ہیں جبکہ جدید طبی آلات کی تنصیب کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ کیتھ لیبز مکمل فعال ہیں، چار آپریشن تھیٹرز مکمل کئے جا چکے ہیں، جدید پیتھالوجی لیبارٹری تیار ہے، گاما کیمرہ نصب کر دیا گیا ہے جبکہ ای ٹی ڈی کی تنصیب بھی مکمل کر لی گئی ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ہسپتال کے او پی ڈی میں روزانہ ڈیڑھ سو سے زائد مریضوں کا معائنہ کیا جا رہا ہے، جبکہ ڈاکٹروں، نرسوں اور دیگر طبی عملے کی بھرتی کا عمل بھی جاری ہے۔ صوبائی وزراء اور مشیر وزیر اعلیٰ نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کر کے تعمیراتی معیار، طبی سہولیات اور جاری پیش رفت کا جائزہ لیا اور منصوبے پر ہونے والی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم اس اسٹیٹ آف دی آرٹ نواز شریف نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا کا رواں ماہ افتتاح کریں گی۔

بقیہ 51

احکامات بھی دے دیئے۔ دونوں ٹھیکیدار کمپنیوں کو بلیک لسٹ کرنے اور ان کی سیکیورٹی رقم ضبط کرنے کی ہدایات بھی جاری کی گئی ہیں۔ اجلاس میں انکشاف کیا گیا کہ سابق ایگزیکٹو انجینئر نے قواعد کے برعکس ایڈوانس ادائیگیاں کیں۔ بریفنگ کے مطابق گورنمنٹ گرلز کالج مراد میمن منصوبے کی مجموعی لاگت 9 کروڑ 55 لاکھ 83 ہزار روپے تھی، جس میں سے 8 کروڑ 84 لاکھ 21 ہزار روپے خرچ کیے جا چکے ہیں، تاہم منصوبے کا صرف 60 فی صد کام مکمل ہوا۔ منصوبے میں 5 کروڑ 75 لاکھ 5 ہزار روپے مالیت کا کام مکمل کیا گیا، جب کہ 3 کروڑ 9 لاکھ 16 ہزار روپے مالیت کا کام تاحال باقی ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ شہید غلام مرتضیٰ حسین بلوچ لائبریری آڈیٹوریم منصوبے کی لاگت 11 کروڑ 11 لاکھ 66 ہزار روپے تھی، جس میں سے 6 کروڑ 98 لاکھ 25 ہزار روپے خرچ کیے گئے، جب کہ منصوبے کے ٹھیکیدار کو 3 کروڑ 96 لاکھ 12 ہزار روپے سیکیورٹی ایڈوانس بھی ادا کی گئی۔ اس موقع پر سیکریٹری کالجز سندھ ندیم الرحمان میمن نے کہا کہ عوامی فنڈز میں بے ضابطگی اور منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 52

علاقوں میں موسم گرم اور مرطوب رہا تاہم سندھ، بالائی خیبر پختونخوا، اسلام آباد، گلگت بلتستان اور ژوب میں چند مقامات پر تیز ہواؤں/آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوئی۔

بقیہ 53

روزانہ کی بنیاد پر ہونے والے امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران انہوں نے سیف سٹی کیمروں کے ذریعے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی سکیورٹی کو مزید مؤثر بنانے، جرائم پیشہ عناصر کی بروقت نشاندہی، ان پر کڑی نظر رکھنے اور ان کے خلاف مؤثر کارروائی کو یقینی بنانے، جرائم کی بیخ کنی، "پکار-15" اور دیگر ہیلپ لائنز پر موصول ہونے والی کالز پر پولیس کے ریسپانس کو مزید بہتر بنانے، ہیلپ لائنز پر رابطہ کرنے والے شہریوں کو بہترین رہنمائی فراہم کرنے، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے فیلڈ افسران کو بروقت آگاہ رکھنے، ٹریکر سسٹم کے ذریعے ضلع بھر میں گشت کرنے والی پولیس گاڑیوں کی مؤثر نگرانی، اور وائرلیس کنٹرول کے ذریعے بروقت مواصلاتی رابطے کو یقینی بنانے سے متعلق افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ سیف سٹی کیمروں کے ذریعے شہریوں کو بہترین خدمات فراہم کرنا اور ان کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ علاوہ ازیں، انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال یا پریشانی کی صورت میں فوری طور پر "پکار 15" یا دن انفو ایپ کے ذریعے اطلاع دیں۔

بقیہ 54

اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی سپرویژن میں زونل ایس پیز کی زیرنگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشن کیے گئے۔ سرچ آپریشن کے دوران 406 افراد، 191 گھروں، 23 ہوٹلوں، 78 دکانیں، 190 موٹر سائیکلوں اور 81 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کیلئے نو مشکوک افراد اور 15 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل بھی کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سیکورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کیے جا رہے ہیں۔ اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 55

پارکس، قبرستانوں، کاروباری مراکز، پبلک ٹرانسپورٹ اڈوں، گوداموں، گھر، دکانوں اور زیر تعمیر عمارات سمیت ہر جگہ چیکنگ کا عمل مزید سخت بنانے کے احکامات جاری کیے گئے ہیں تاکہ بروقت سرویلنس کے ذریعے ڈینگی کی افزائش کو روکا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے یہ احکامات ڈینگی کنٹرول ایکشن پلان کی ڈسٹرکٹ ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جاری کئے۔ اجلاس میں اے ڈی سی آر محمد شہاب اسلم، ڈسٹرکٹ ہیلتھ ایجوکیشن اتھارٹی، محکمہ صحت، تمام سرکاری محکموں اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 56

وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، زیر حراست گینگ سے مسروقہ و چھینے گئے 3 موٹر سائیکل، موبائل فون، نقدی 12 ہزار روپے، اسلحہ اور دیگر سامان برآمد ہوا، ریس کورس پولیس نے موٹر سائیکل لفٹر کو گرفتار کر کے 3 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کیے، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 57

یہاں منعقد ہوا۔ وزیرِاعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وفاقی کابینہ نے رواں برس بہترین حج انتظامات پر وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف اور وزارت کی ٹیم کی تعریف کی۔ وفاقی کابینہ کو حج پالیسی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ نئی حج پالیسی پہلی بار ایک سال کی بجائے چار سال کیلئے تشکیل دی گئی ہے اور اس میں آئندہ چار سال کیلئے منصوبہ بندی کی گئی ہے، اس پالیسی کے تحت طویل مدتی پلاننگ، آپریشنز میں بہتری اور حاجیوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی ممکن ہوگی، مجوزہ پالیسی کے نفاذ کیلئے ایس او پیز اور دیگر ضوابط بنائے جائیں گے، پالیسی کو سعودی قوانین اور ضوابط سے ہم آہنگ کرنے کیلئے اس میں ضرورت کے مطابق ترامیم کی جا سکیں گی۔ کابینہ کو بتایا گیا کہ پالیسی کے تحت حج کے خواہشمند افراد سالانہ کی بجائے 2030 تک کسی بھی سال کیلئے اپنی ضرورت کے مطابق بلاتعطل حج کی رجسٹریشن کرا سکیں گے، اس کے نتیجے میں ترجیحی ویٹنگ لسٹ مرتب کی جائے گی، اس کے ساتھ ساتھ شرعی اصولوں کے مطابق سیونگ سکیم بھی متعارف کرائی جا رہی ہے جس کے تحت حج کے خواہاں لوگ مستقبل میں حج کیلئے سیونگ سکیم سے مستفید ہو سکیں گے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ حج کے تمام تر نظام کو ڈیجیٹل کیا جا رہا ہے جس میں ادائیگیاں بھی ڈیجیٹل نظام کے ذریعے ہوں گی، اس کے علاوہ شکایات کا ڈیجیٹل نظام اور ڈیجیٹل نگرانی ہوگی، پالیسی کے تحت سرکاری اور پرائیویٹ حج کا کوٹہ مختص کیا گیا ہے، طویل اور مختصر مدت کے حج پروگرام متعارف کرائے جا رہے ہیں

بقیہ 58

باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا اور اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان اور مراکش کے درمیان زرعی شراکت داری کو مزید فروغ دینے کے لیے قریبی رابطہ برقرار رکھا جائے گا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے احمد البواری کو پاکستان کے سرکاری دورے کی دعوت دی۔

وزیر اطلاعات کا کامیڈین اللہ رکھا پیپسی کے انتقال پر اظہار افسوس

اللہ رکھا پیپسی نے اپنی منفرد اداکاری سے تھیٹر اور فلم انڈسٹری میں لازوال مقام حاصل کیا

پنجاب حکومت اللہ رکھا پیپسی کے انتقال پر ان کے اہلِ خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے، عظمیٰ بخاری

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے نامور کامیڈین اور اداکار اللہ رکھا پیپسی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ اللہ رکھا پیپسی کا دل کا دورہ پڑنے سے انتقال ان کے اہلِ خانہ، مداحوں اور پاکستان کی شوبز انڈسٹری کے لیے ایک بڑا صدمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم نے اپنی بے مثال صلاحیتوں، منفرد مزاح اور شاندار اداکاری کے ذریعے تھیٹر اور فلم انڈسٹری میں ایک منفرد مقام حاصل کیا اور برسوں تک اپنے فن سے لاکھوں لوگوں کے چہروں پر (بقیہ نمبر 32)

صوبے میں جدید طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے

وزیر اعلیٰ مریم نواز اسٹیٹ آف دی آرٹ نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا کا رواں ماہ افتتاح کریں گی

ہسپتال کے بیشتر شعبے مکمل، جدید طبی آلات کی تنصیب اور عملے کی بھرتی جاری، منصوبے کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، صوبائی وزیر مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ اور مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب برائے سیاسی امور ذیشان عاشق ملک نے گورنمنٹ نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا کا دورہ کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری کوارڈی نیشن ٹو سی ایم پنجاب سید واجد علی شاہ اور ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری بھی موجود تھے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر گورنمنٹ نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میجر جنرل خرم شہزاد، ڈائریکٹر ہسپتال بریگیڈیئر آصف چیمہ اور آئی ڈیپ کے متعلقہ افسران نے وفد کو ہسپتال (بقیہ نمبر 50)

پولیس ہیڈکوارٹرز ڈی ایس پی مسعود شہید ہسپتال میں گرین سٹار سوشل مارکیٹنگ پاکستان کے اشتراک سے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کے موقع پر گروپ فوٹو

کندھ کوٹ، مبینہ گمشدگی کے خلاف جسقم اور جساف کا احتجاج

دیسی رجب علی لاشاری کو فوری بازیاب کر کے اہل خانہ کے سامنے پیش کیا جائے

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: جسقم اور جساف کے کارکنوں نے ضلعی صدر ولی دیدہ سندھی کی قیادت میں مبینہ طور پر لاپتا کیے گئے دیسی رجب علی لاشاری کی بازیابی کے لیے احتجاجی ریلی نکالی۔ ریلی جسقم ہاؤس سے شروع ہو کر شہر کے مختلف راستوں سے گزرتی ہوئی ایس ایس پی آفس کے مرکزی گیٹ کے سامنے پہنچی، جہاں مظاہرین نے (بقیہ نمبر 1)

کندھ کوٹ: ٹریژری آفس میں پینشنرز کیساتھ ناروا سلوک

گھنٹوں انتظار کرانے اور بدسلوکی کا الزام، ایس یو پی نے تحقیقات کا مطالبہ کر دیا

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: سندھ یونائیٹڈ پارٹی (ایس یو پی) ٹاؤن غوثپور کے سیکریٹری عبدالرزاق اوگاہی نے الزام عائد کیا ہے کہ کندھ کوٹ ٹریژری آفس میں عوام، بالخصوص پنشنرز، شدید مشکلات اور انتظامی بدانتظامی کا شکار ہیں جاری کردہ بیان میں عبدالرزاق اوگاہی نے کہا کہ ٹریژری آفس میں دوپہر دو بجے تک تالے لگے رہے، جس کے باعث سینکڑوں بزرگ پنشنرز شدید گرمی، بھوک اور پیاس کی حالت (بقیہ نمبر 2)

راولپنڈی، ڈانس پارٹی کے دوران دم گھٹنے سے ایک شخص ہلاک

مبینہ طور پر نشہ آور گولی کھانے سے نوجوان کی سانس رک گئی، پولیس ذرائع

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے علاقے چکلالہ میں ڈانس پارٹی کے دوران ایک شخص ہلاک ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق مبینہ طور پر نشہ آور گولی کھانے سے نوجوان کی سانس رک گئی اور وہ دم توڑ گیا۔ ذرائع کے مطابق تھانہ چکلالہ چوکی گلریز کی پولیس شواہد اکٹھے کر رہی ہے۔

راولپنڈی، 4 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 4 ملزمان گرفتار کر کے چرس اور شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ آرائے بازار پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 01 کلو 700 گرام چرس برآمد کی، ریس کورس پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 20 لیٹر شراب برآمد کی، مورگاہ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب برآمد کی، (بقیہ نمبر 33)

منشیات سپلائر کو ایاز کو 9 سال قید، 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث منشیات سپلائر کو ایاز کو 09 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنادی، مجرم ایاز کو 09 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 480 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ نصیر آباد پولیس نے اپریل 2026 میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی موثر پیروی کے پیش نظر معزز (بقیہ نمبر 34)

آئی ٹیلیس ٹیم کا سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ، ٹیم نے ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 کے کال ٹیکرز کو ایمرجنسی کال سروسز سے متعلق معلومات فراہم کیں

جے ایس آر / سکردو۔ رونڈو روڈ پر لینڈ سلائیڈ کا الرٹ جاری

مسافر و سیاح پہاڑی اور لینڈ سلائیڈ والے راستوں پر مکمل احتیاط کریں

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر نے 7 تا 9 جولائی کے دوران جے ایس آر / سکردو۔ رونڈو روڈ پر لینڈ سلائیڈ کا الرٹ جاری کر دیا۔ منگل کو این ڈی ایم اے کے میڈیا سے جاری بیان (بقیہ نمبر 35)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی کھلی کچہری

پولیس افسران اور شہریوں کے مسائل سن کر حل کے احکامات جاری کئے

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کھلی کچہری کے دوران پولیس افسران اور شہریوں کے مسائل سن کر حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں "اوپن ڈور پالیسی کے تحت" کھلی کچہری کا انعقاد کیا، آئی جی (بقیہ نمبر 36)

تھانہ پیرودھائی پولیس نے گمشدہ بچہ والدین سے ملا دیا

حمزہ ہمایوں نے ایس ایس پی آپریشنز سیف سٹی کا چارج سنبھال لیا

سیف سٹی ڈویژن میں روزانہ کی بنیاد پر ہونے والے امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) کیپٹن (ر) حمزہ ہمایوں نے بطور ایس ایس پی آپریشنز سیف سٹی اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ تفصیلات کے مطابق کیپٹن (ر) حمزہ ہمایوں نے بطور ایس ایس پی آپریشنز سیف سٹی اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ انہوں نے تمام برانچ انچارجز کے ساتھ ایک اہم اجلاس کی صدارت کی، جس میں سیف سٹی ڈویژن میں (بقیہ نمبر 54)

2 بڑے تعلیمی منصوبوں میں کروڑوں روپے کی مبینہ بے ضابطگیوں کا انکشاف

کراچی (اے ایف بی) کراچی کے علاقے مراد میمن گوٹھ میں دو بڑے تعلیمی منصوبوں میں کروڑوں روپے کی مبینہ بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے، جس پر سیکریٹری کالجز سندھ ندیم الرحمان میمن نے فوری کارروائی کی ہدایت جاری کر دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سیکریٹری کالجز سندھ نے ذمہ دار افسران اور دونوں ٹھیکیدار کمپنیوں کے خلاف کارروائی کا حکم دیتے ہوئے شوکاز نوٹس جاری کرنے اور منصوبوں کے ریکارڈ کی مکمل جانچ کے (بقیہ نمبر 51)

گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن، نو مشکوک افراد تھانے منتقل

406 افراد، 191 گھروں، 23 ہوٹلوں، 87 دکانیں، 190 موٹر سائیکلوں کی چیکنگ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن کے دوران جانچ پڑتال کیلئے نو مشکوک افراد اور 15 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا جبکہ 406 افراد، 191 گھروں، 23 ہوٹلوں، 87 دکانیں، 190 موٹر سائیکلوں اور 81 گاڑیوں کو چیک کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس (بقیہ نمبر 54)

ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور مرطوب رہنے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور مرطوب رہنے کا امکان ہے تاہم کشمیر، خیبر پختونخوا، شمال مشرقی پنجاب، مشرقی بلوچستان اور گلگت بلتستان میں چند مقامات پر تیز ہواؤں / آندھی چلنے اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر (بقیہ نمبر 52)

آئی جی اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی کی ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد عتیق طاہر، چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان اور این پی ایف ڈائریکٹر ان چیف بریگیڈیئر (ر) احمد نواز سے اہم میٹنگ

خواتین کو کام کی جگہ پر سازگار ماحول فراہم کیا جائے

انکے حقوق کے تحفظ کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں، خواتین کو ملازمت کے دوران ہراساں کرنے کے عمل کا سختی سے نوٹس لیا جائے گا

صوبائی محتسب سندھ کے کنسلٹنٹ، ریٹائرڈ سیشن جج حیدر علی ابڑو کا خواتین کو دورانِ ملازمت ہراسانی سے متعلق آگاہی سیمینار سے خطاب

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: معاشرے میں خواتین کے لیے ان کے کام کی جگہ پر سازگار ماحول فراہم کیا جائے اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ خواتین کو ملازمت کے دوران ہراساں کرنے کے عمل کا سختی سے نوٹس لیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی محتسب سندھ کے کنسلٹنٹ، ریٹائرڈ سیشن جج حیدر علی ابڑو نے خواتین کو دورانِ ملازمت ہراسانی سے متعلق آگاہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی: شدید گرمی اور تپتی دھوپ میں سڑک کنارے ایک محنت کش گاہکوں کو فروخت کے لیے برف کے بڑے بلاکس توڑ رہا ہے

وزیر داخلہ کی زیارت میں دہشتگرد حملے کی مذمت

15 ہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر پولیس فورس کو خراج تحسین پیش

امن کی خاطر اپنی جانیں قربان کرنے والے شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں

اور ان کی لازوال قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے زیارت کے علاقے میں بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واقعے میں جام شہادت نوش کرنے والے 9 پولیس اہلکاروں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کارروائی کے دوران 15 بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر پولیس فورس کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو زبردست الفاظ میں سراہا۔ ایک بیان میں وزیر داخلہ نے شہدا کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور (بقیہ نمبر 45)

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے والے 6 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 6 ملزمان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے 6 افراد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں نصیر آباد، آرائے بازار، ریس کورس، چکلالہ اور گوجر خان کے علاقوں میں کی گئیں، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا (بقیہ نمبر 37)

چولپون-آتا: صدر آصف علی زرداری کا کرغزستان کے دورے کے دوران رخ اوردہ (Rukh Ordo) ثقافتی کمپلیکس میں منعقدہ ایک باضابطہ تقریب میں صدر سادیر جاپاروف نے استقبال کیا

وزیراعظم سے پولیو نگرانی بورڈ کے 7 رکنی وفد کی ملاقات

انسداد پولیو کے لیے شراکت داروں کا حکومت کے ساتھ تعاون پر شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم شہباز شریف سے اسلام آباد میں پولیو نگرانی بورڈ کے 7 رکنی وفد نے ملاقات کی ہے۔ وفد میں روٹری کے پولیو اوور سائٹ بورڈ کے چیئرمین مائیک میکگورن، گیٹس فاؤنڈیشن کے گلوبل ڈیولپمنٹ کے صدر کرس ایلائیس، ریجنل ڈائریکٹر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر حنان بلخی، یونیسیف اور گاوی کے نمائندگان بھی شامل تھے۔ وزیراعظم سے ملاقات میں وزیر صحت مصطفیٰ کمال، فوکل پرسن برائے انسداد پولیو (بقیہ نمبر 46)

ڈینگی کنٹرول ایس او پیز پر موثر عملدرآمد کی ضرورت پر زور

ڈپٹی کمشنر چکوال کی روزانہ کی بنیاد پر چیک اینڈ بیلنس یقینی بنانے کی ہدایت

چکوال (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے مون سون بارشوں کے پیش نظر ضلع بھر میں ڈینگی کنٹرول ایس او پیز پر مؤثر عملدرآمد کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے روزانہ کی بنیادوں پر چیک اینڈ بیلنس یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ تمام سرکاری دفاتر، تعلیمی اداروں، (بقیہ نمبر 55)

8 سالہ بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) چکلالہ پولیس نے 8 سالہ بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والا شخص گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق چکلالہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 8 سالہ بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، چکلالہ پولیس نے متاثرہ بچے کے والد کی درخواست پر فوری مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا، ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان کا کہنا تھا کہ زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث دو گینگز کے 3 ارکان گرفتار

6 موٹر سائیکل، موبائل فون، نقدی 12 ہزار روپے، اسلحہ اور دیگر سامان برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری و دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث دو گینگز کے 3 ارکان گرفتار کر کے مسروقہ و چھینے گئے 6 موٹر سائیکل، موبائل فون، نقدی 12 ہزار روپے، اسلحہ اور دیگر سامان برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری و دیگر چوری کی (بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی پولیس کی ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری و دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں، دو گینگز کے 3 افراد گرفتار کر لیا

راولپنڈی، شراب سپلائر گرفتار، 80 لیٹر شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ چکلالہ پولیس نے شراب سپلائر گرفتار کر کے 80 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ چکلالہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک شراب سپلائر کو گرفتار کر لیا، زیر حراست شخص سے 80 لیٹر شراب برآمد ہوئی، زیر حراست شخص سے خالی بوتلیں، ڈھکن اور شراب کے اسٹیکرز بھی برآمد ہوئے، چکلالہ پولیس نے مشکوک شخص کو روک کر چیک کیا تو شراب اور دیگر سامان برآمد ہوا، چکلالہ پولیس نے مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا۔

ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان کی پوٹھوہار آفس میں میٹنگ، میٹنگ میں ڈویژن کے ایس ایچ اوز، انچارج چوکیات اور محرران کی شرکت

وفاقی حکومت نے نیشنل پاپولیشن کونسل کی تشکیل کر دی

16 رکنی نیشنل پاپولیشن کونسل کے چیئرمین وزیراعظم ہوں گے، چیف آف ڈیفنس فورسز آرمی چیف بھی نیشنل پاپولیشن کونسل کے رکن ہوں گے

چاروں صوبوں کے وزرائے اعلی بھی نیشنل پاپولیشن کونسل کے رکن مقرر، وزیراعظم آزاد کشمیر، وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان بھی رکن ہوں گے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی حکومت نے نیشنل پاپولیشن کونسل کی تشکیل کر دی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق 16 رکنی نیشنل پاپولیشن کونسل کے چیئرمین وزیراعظم ہوں گے، چیف آف ڈیفنس فورسز آرمی چیف بھی نیشنل پاپولیشن کونسل کے رکن ہوں گے۔ چاروں صوبوں کے وزرائے اعلی بھی نیشنل پاپولیشن کونسل کے رکن مقرر، وزیراعظم آزاد کشمیر، وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان بھی رکن ہوں گے۔ منصوبہ بندی، (بقیہ نمبر 38)

اے این ایف کی کارروائیاں 513.7 کلوگرام منشیات برآمد

ملزم گرفتار 475 کلوگرام افیون 36 کلوگرام چرس اور 2.7 کلوگرام ہیروئن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) انسدادِ منشیات فورس (اے این ایف) نے 4 مختلف کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 513.7 کلوگرام منشیات برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق یہ کارروائیاں پشاور، کراچی اور نوکنڈی میں کی گئیں۔ ترجمان کے مطابق کارروائیوں کے دوران 475 کلوگرام افیون، 36 کلوگرام چرس اور 2.7 کلوگرام ہیروئن برآمد کی گئی، اس کے علاوہ 400 کلوگرام ممنوعہ مواد بھی قبضے میں لیا (بقیہ نمبر 47)

غیر معیاری دودھ تلف، گاڑی پر جرمانہ عائد

گجرات (سی ایم لنکس) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے ڈپٹی ڈائریکٹر سعدیہ رفعت کی نگرانی میں دولت نگر کے قریب دودھ سپلائی کرنے والی ایک گاڑی کی چیکنگ کی۔ معائنے کے دوران گاڑی میں موجود دودھ غیر معیاری اور انسانی صحت کے لیے مضر پایا گیا۔ فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر تمام غیر معیاری دودھ موقع پر تلف کر دیا گیا جبکہ گاڑی کے مالک پر بھاری جرمانہ عائد کیا گیا۔

اسلام آباد، 23 اشتہاریوں سمیت 36 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

121 گرام چرس 210 گرام ہیروئن 140 گرام آئس 35 بوتلیں شراب برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 23 اشتہاریوں سمیت 36 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس تھانہ آبپارہ، تھانہ (بقیہ نمبر 39)

ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

نیم حکیم کے علاج میں مبینہ غلط انجکشن سے 14 سالہ بچی جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر میں نیم حکیم کے علاج میں مبینہ غلط انجکشن سے 14 سالہ بچی جاں بحق ہو گئی جس کی تدفین پر ورثا نے تحقیقات کر کے انصاف کی فراہمی کا مطالبہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے علاقہ گلشن عزیز کالونی کی 14 سالہ عریزہ فاطمہ کو پاں کے انگوٹھے کے ناخن میں تکلیف ہوئی جس کو اس کی ماں نجی میڈیکل سٹور گئی جہاں موجود ندیم نے اس کے ناخن کا معائنہ کرتے ہوئے معمولی آپریشن کر کے مرہم پٹی کر دی جس کی اگلے روز ڈریسنگ کرتے ہوئے ندیم کے (بقیہ نمبر 41)

نوجوانوں کو ترقی کے مواقع فراہم کرنا حکومتی ترجیحات میں شامل ہے

چین کی ٹیکنیکل اور زرعی یونیورسٹیوں کے ساتھ شراکت داری قائم کر رہے ہیں، رانا مشہود

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو ترقی کے مواقع فراہم کرنا حکومتی ترجیحات میں شامل ہے، نوجوانوں کو فنی تعلیم، انفارمیشن ٹیکنالوجی، انوویشن سمیت دیگر شعبوں میں عالمی سطح کے اداروں کے ساتھ تعاون کے ذریعے تربیت فراہم کر رہے ہیں۔ منگل کو اعزازی ڈاکٹریٹ ڈگری عطا کرنے کی تقریب میں مہمان خصوصی کے طور پر خطاب کرتے ہوئے انہوں (بقیہ نمبر 40)

شہری اور اسکی دو بیویوں کو قتل کرنے والا اشتہاری گرفتار

اشتہاری کے دو ساتھیوں کو قبل ازیں گرفتار کیا جا چکا ہے، ایس پی

راولپنڈی (این این آئی) نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے رشتے کے تنازع پر ساتھیوں کے ساتھ مل کر تہرہ قتل کرنے والے اشتہاری کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق اشتہاری اور ساتھیوں نے شہری اور اس کی دو بیویوں کو قتل کیا تھا، اشتہاری رواں سال فروری سے پولیس کو مطلوب تھا۔ نصیر آباد پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی (بقیہ نمبر 42)

چارسالہ حج پالیسی اور پلان برائے 2027-2030 کی منظوری

خواہشمند افراد 2030 تک کسی بھی سال کیلئے حج کی رجسٹریشن کرا سکیں گے، اعلامیہ

پاکستان اور ترکیہ کے مابین مختلف شعبوں میں تعلقات اور بھائی چارہ مزید مضبوط اور مستحکم ہوگا، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے چار سالہ حج پالیسی اور پلان برائے 2027-2030 کی منظوری دے دی جس کے تحت خواہشمند افراد 2030 تک کسی بھی سال کیلئے حج کی رجسٹریشن کرا سکیں گے جبکہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کو دورہ ترکیہ پر اعتماد میں لیا ہے اور کہا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ کے مابین مختلف شعبوں میں تعلقات اور بھائی چارہ مزید مضبوط اور مستحکم ہوگا۔ وفاقی کابینہ کا اجلاس وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت منگل کو (بقیہ نمبر 57)

زرعی شعبے میں سٹریٹجک تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

وزیر رانا تنویر حسین کی مراکش کے وزیر زراعت احمد البواری سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے منگل کو رباط میں مراکش کے وزیر زراعت، ماہی گیری، دیہی ترقی اور جنگلات احمد البواری سے ملاقات کی جس میں زرعی شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ منگل کو وزارت کے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں دونوں وزراء نے زراعت اور غذائی تحفظ کے شعبوں میں جاری دوطرفہ تعاون کا جائزہ لیا اور زرعی تجارت، لائیو سٹاک کی ترقی، استعداد کار میں اضافے اور تکنیکی مہارت و تجربات کے تبادلے سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں فریقوں نے (بقیہ نمبر 58)

ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی آپریشنز نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، ایس ایس پی آپریشنز نے متعلقہ (بقیہ نمبر 48)

شزہ فاطمہ خواجہ کی سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ سے ملاقات

عالمی اور علاقائی استحکام کیلئے پاکستان کا کردار قابل ستائش ہے، انتونیو گوتریس

جنیوا (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتیرس سے اہم ملاقات کی جس میں عالمی سطح پر تعلقات مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ منگل کو وزارت آئی ٹی و ٹیلی کام سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران عالمی چیلنجز بالخصوص مصنوعی ذہانت کی گورننس پر خصوصی گفتگو کی گئی۔ سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتیرس نے پاکستان کی (بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد کے 28 بنیادی مراکز صحت کو فعال بنانے پر کام جاری

ماضی میں پمز میں روزانہ تقریباً دو سو مریض آتے تھے جبکہ اب یہ تعداد سات ہزار سے نو ہزار تک پہنچ چکی ہے

حکومت حقائق چھپانے پر یقین نہیں رکھتی اور تسلیم کرتی ہے کہ موجودہ صورتحال مثالی نہیں، وفاقی وزیر کا صحت پمز میں تقریب سے خطاب

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے وفاقی دارالحکومت کے معروف ہسپتال پمز کے ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں پیشنٹ فیسیلیٹیشن اسسٹنٹ سروس کے آغاز ہسپتال کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ پیشنٹ فیسیلیٹیشن اسسٹنٹ سروس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 1984 میں پمز کے قیام کے وقت اسلام آباد کی آبادی تقریباً سات لاکھ تھی جو پچاس لاکھ کے قریب پہنچ چکی ہے۔ یہ ہسپتال آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا سے آنے والے مریضوں کو بھی طبی (بقیہ نمبر 43)

ڈی پی او چکوال کی کھلی کچہری، درخواست دہندگان کے مسائل سنے

چکوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال نے کھلی کچہری کے دوران درخواست دہندگان کے مسائل سنے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کاشف ذوالفقار (پی ایس پی) نے سروس ڈیلیوری کا معیار بہتر بنانے کے لیے روزمرہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں تمام درخواست دہندگان کے مسائل سنے گئے اور انکو موقع پر حل کرنے کے احکامات جاری کئے گئے۔ ڈی پی او نے اس موقع پر کہا کہ (بقیہ نمبر 44)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس کھلی کچہری میں تشریف لائے پولیس افسران اور شہریوں کی شکایات و مسائل سن کر ان کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی احکامات جاری کئے

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035